دولت کی کان یعنی قارون کا خزانہ(1906)

از عنایت:۔ جناب حکیم پنڈت کرم نارائن صاحب

﴿پنڈدادنخان، جھلم﴾

تحقیق و ترتیب

سگِ غوث و خواجہ

ابوالرضامحمد توصیف عمر قادری

سہروردی چشتی خانی شافعی

جملہ حقوق محفوظ

دولت کی کان

یعنی

قارون کا خزانہ

جس میں صنعت و حرفت طب عجائبات تجارت فلاحت
وغیرہ وغیرہ کے چیدہ چیدہ اور عمدہ عمدہ
کارآمد نسخے اور چٹکلے پورے سات سو درج ہین

کارپردازان کارخانہ
محمد اسلم خان تاجر کتب اکبر منڈی لاہور نے
آریہ سٹیم پریس لاہور میں چھپوا کر شائع کیا

مفصل فہرست کتب دو پیسہ کا ٹکٹ آنے پر روانہ کیجاتی ہے

خواجہ اجمیری

یعنے

حضرت خواجہ خواجگان سلطان سریر سرمدی قطب الاقطاب
شیخ الہند جامع کمالات مفید افیوضات عالم العلما
سلطان الاولیاء سراج السالکین خواجہ معین الدین
چشتی اجمیری کے

سوانح اور کارنامے

ایک لائق مصنف کی قلم سے نکلے ہیں نہایت قابل
تعریف کتاب ہے خوبی دیکھنے پر ظاہر ہوگی۔

قیمت رعایتی صرف آٹھ آنہ ۸ر

مختصر فہرست مضامین خواجہ اجمیری

خواجہ کی پیدائش سو پیشتر اسلام کی حالت
خواجہ کی پیدائش اور لڑکپن
ترک دنیا
پہلا سفر و تحصیل علوم
بیعت
رد و مرتدی کی حقیقت
خواجہ کی حاضری مرشد کی حضوری میں
مرشد سے رخصت ہونا۔
بغداد کا سفر۔ ہمدان کا سفر۔ رحمان کا سفر۔
فرقان و استرآباد کا سفر۔ ہرات کا سفر۔ سبزوار
کا سفر اور وہاں کے حاکم کو مرید بنانا۔ بلخ کا سفر
اور ایک نامی حکیم صاحب کو مرید بنانا۔ غزنین کا
سفر اور وہاں کا قیام۔ ہندوستان کا سفر۔ دہلی
کا سفر اور قیام۔ اس زمانہ میں ہندوستان
اور خاصکر دہلی کی حالت۔ اجمیر کا سفر۔ اجمیر کا
قیام۔ خواجہ صاحب کا دو مرتبہ دہلی تشریف
لانا دھال کے بعد خواجہ صاحب کی قدر و منزلت
خواجہ صاحب کے مرشد کی مشہور کرامات۔ خواجہ
صاحب کی زندگی سے کیا کیا سبق حاصل
ہوتے ہیں۔

دُنیا کے طلسم خانے

یہ کتاب جو اپنے ڈھنگ کی بالکل نئی کتاب
ہیں آج پہلی دفعہ پیش کی جاتی ہے۔ کیونکہ جو
میرا خیال ہے۔ ایسی دلچسپ حیرت افزا کتاب
ناولوں۔ افسانوں اور عجائبات کی دیگر کتابیں
کو ماند کر دیا ہے آجتک کسی زبان میں نہیں چھپی
دلچسپ ایسی کہ بھوک لگی ہو اور لذیذ کھانا سا
دھرا ہو مگر ختم کئے بغیر چھوڑنے کو دل نہیں چا
کیونکہ اس میں روئے زمین کے طلسم خانوں کا
وغریب ذکر ہے جنکو قدیم طلسم دان عکیموں نے
قایم کیا۔ اور جنکا بھید آجتک کسی پر نہیں کھلا۔
اصل قیمت فیجلد ڈیڑھ روپیہ عہ۔ رعایتی صرف ۸

تجربات پریس

بال اڑانیکا اصلی ولایتی صابن بنانا۔ بال اڑانے
عرق اور سفوف بنانا۔ بال عمر بھر پیدا ہونے
نسخہ۔ بال سیاہ کرنیکا تیر بہدف نسخہ۔ حنا
عدہ خضاب بنانا۔ دو روپے روز کمانیکا ہنر
اور دیسی صابون بنانا۔ موم بتی بنانے کی ترکیب
رول پنسل اور رنگدار پنسل بنانا۔ بلاٹنگ پیپر
دیا سلائی بنانا۔ جرمن سلور بنانا۔ وارنش اور
کا پالش بنانا۔ ست نکالنے کا ہنر۔ ہر رنگ کی
لگانے کی لاکھ بنانا۔ حجامت کا صابون بنانا
مونچھوں میں لگانے کی خوشبو۔ بالوں کا تو
تیل۔ چاء کی سفری ٹکیاں بنانا۔ دانتوں کا من
ربڑ کی مہریں بنانا۔ اشتہارات چھاپنے کے
بنانا۔ بٹن بنانا وغیرہ وغیرہ سو ہا ہنر ہیں کہ
ہیں۔ فہرست مضامین و جملہ حالات درج ہیں
اصل قیمت فیجلد ۱ر رعایتی قیمت صرف ۸

مشک نافہ بنانا

(۱)

جنگلی کبوتر کا خون حسب ضرورت جند بیدستر ایک
عطر کیوڑہ ۳ ماشہ جاوتری لونگ۔ کیوڑہ کچری
الائچی سفید۔ جائفل زعفران ہر ایک ۷۔ ۷ ماشہ
سب کو کھرل میں ڈالکر خوب اچھی طرح کھرل کر
کر سب اجزا یک ذات ہو جاویں۔ پھر ایک
ڈبیہ میں بند کر کے تین چار روز تک گرم
ڈبیہ میں بند کر کے تین چار روز تک گرم
رکھ چھوڑیں یعنی زمین دبا کر اوپر گرم راکھ ڈالدیں
پھر دانے نکالکر نافہ میں بھر دیں۔ یا شیشے
ڈالدیں۔ مگر تین ماشہ اصلی مشک بھی ضرور ملا لیو

(۲) نافہ بنانیکی ترکیب

ہرن کے پیٹ کا نرم چمڑا لیکر اوسے
گول کاٹیں۔ اور پانی سے گیلا اور نرم کر
لکڑی کی چھڑی پر جس کا ایک سر گول
باندھ دیں۔ اور دوسرے سرے کو بھی باندھکر دھ
یں سکھالیں۔ جب سوکھ کر نالہ کی ما
گول ہو جاوے تب نکال کر استعمال میں لاویں

(۳) عنبر بنانا

مصطگی رومی ایک تولہ خشخاش سفید ۴
کیسر کا گوند سفید ۲ ماشہ کتھ سفید ۲ تو
زیتون کا کوئلہ ۷ ماشہ سکبو ملا کر خمیر کریں
ایک طلسمی شدہ تانبے کی ڈبیہ میں بند کر
رات بھر گرم بھوبل میں دبا چھوڑیں

(۱) مشک نافہ بنانا

جنگلی کبوتر کا خون حسب ضرورت جند بیدستر ایک عدد عطر کیوڑہ ۳ ماشہ جاوتری لونگ۔ کپور کچری۔ الائچی سفید۔ جائفل زعفران ہر ایک ۷۔۷ ماشہ سب کو کھرل میں ڈالکر خوب اچھی طرح کھرل کریں۔ کہ سب اجزا ریک ذات ہو جاویں۔ پھر ایک ڈبیہ میں بند کر کے تین چار روز تک گرم جگہ رکھ چھوڑیں یعنی زمین دبا کر اوپر گرم راکھ ڈالدیں۔ پھر وہاں سے نکالکر نافہ میں بھر دیں۔ یا شیشے میں ڈالدیں۔ مگر تین ماشہ اصلی مشک بھی ضرور ملا لیویں۔

(۲) نافہ بنانیکی ترکیب

ہرن کے پیٹ کا نرم چمڑا لیکر اوسے لکڑی کی چھڑی پر جس کا ایک سرا گول ہو باندھ دیں۔ اور دوسرے سے مونہہ باندھکر دھوپ میں سکھالیں۔ جب سوکھ کر نالہ کی مانند گول ہو جاوے تب نکال کر استعمال میں لاویں۔

(۳) عنبر بنانا

مصطگی رومی ایک تولہ خشخاش سفید ۴ ماشہ کیسر کا کوٹ سفید ۴ ماشہ کتھ سفید ۲ تولہ۔ زیتون کا کوئلہ ۷ ماشہ سب کو ملا کر خمیر کریں۔ اور ایک قلعی شدہ ٹانبے کی ڈبیہ میں بند کر کے رات بھر گرم بھوبل میں دبا چھوڑیں صبح نکال کر احتیاط سے رکھیں نہایت عمدہ عنبر معلوم ہوگا۔

(۴) کناڈین گولڈ یعنی انگریزی سونا

دو تولہ جست کو آگ پر گلا کر سات مرتبہ تلوں کے تیل میں بجھا لیں۔ اس سے وہ صاف ہو کر سفید ہو جاوے گا پھر اوسی گلا کر برابر کا پارہ ملا دیں۔ پھر کھرل میں پیسکر سونا مکھی برابر وزن کے ڈالکر اچھی طرح کھرل کر لیں۔ پس تین تولہ تانبا گلا کر یہ کل دوا اس میں چھوڑ دیں۔ اور کوئلہ کی راکھ سے ڈھک کر اوسی جگہ گرم پڑی رہنے دیں۔ اور جب سرد ہو تب نکال لیں۔ نہایت آبدار مصنوعی سونا بنا ہوا ہوگا۔ اس کو گلا کر اور سانچوں میں بھر کر انگوٹھیاں بنالیں یا جو کچھ چاہیں

(۵) ہلکے رنگ کے یاقوت کو تیز کرنا

جن یاقوت کے نگوں کا رنگ ہلکا ہو اوں کو ایک اوپلے پر چنکر رکھ دو۔ اور دوسرا اوپلا اوپر ڈھک کر آگ لگا دو جب دونوں اوپلے انگارہ ہو جاویں تو ایک کو نیچے رکھکر اوپر چنے کے دانہ کے کوئلے ایک سیر ڈال دو۔ جب آگ راکھ ہو جاوے تب نکال لیں عمدہ

رنگ تیز ہو گیا ہو گا ۔

(۶) موتی چمکانا

اگر سچا سوتی جلا ہو جاوے تو ایک تھیلی میں اسبغول بھر کر اوس میں موتی ڈالدیں اور خوب ملیں - اس رگڑے سے موتی پہ جلا آجاوے گی - اس کو وقتاً فوقتاً نکال کر دیکھتے رہا کریں - جب حسب منشا جلا آجاوے تب بس کریں مگر استعمال سے پہلے اسبغول کو خوب اچھی طرح صاف کر لیں - تاکہ اوس کے اندر ریل نہ رہے ورنہ وہ جلا کو خراب کر دے گی ۔

(۷) کافور کا پیالہ بنانا

مغز نارجیل اور کافور ہموزن لیکر کھرل کریں - اور ایک تانبے یا پیتل کی تھالی میں ڈالکر اوپر کچی مٹی کا پیالہ ڈھک دیں - تلے خوب تیز آنچ کریں ۳ گھنٹہ کے بعد اوپر کا پیالہ سرد کر کے دھاروں اور پانی میں ڈالدیں مٹی گھلکر اوپر کا پیالہ نکل جاوے گا اور تلے سے کافور کا کٹورہ نکل آوے گا - اگر چاہے مغز نارجیل یا صرف گھی ڈالیں تب بھی یہ عمل ہو جاتا ہے ۔

(۸) کافوری مالا تیار کرنا

لوہے کے ایک سانچہ از نمونہ ۱۱ اس قسم کا لوہا کراوسکے دونوں سرے ملتے ہوئے ہوں ایک گول چھلی رہجاوے جیسے بندوق اور گولہ ہوا کرتی ہے پس کافور کی ڈلی لیکر اوس زنبور کے سرے میں رکھکر دباؤ تو وہ گول موتی سا بنجاویگا اسمیں اوسیوقت اور اوسی جگہ سوئی سے سوراخ کر لو - جب سوراخ ہو جاوے تب دانہ کو باہر نکال لو اس قسم کے بہت سے دانے نکال کر مالا بنالو یہ مالا ہیضہ کے دنوں میں پہننی بہت مفید ہے اور کافوری کٹورہ میں پانی پینا خفقان سر دردی اور گرمی جگر کیلئے از حد مفید ہے ۔

(۹) کافور صاف کرنا

کافور میں قدرے گھی ملا کر تانبے کے برتن میں بند کر کے آگ پر جوہر اڑا لو جو کافور اوپر جالگیگا - وہ صاف ہو گا اور عمدہ ہو گا ۔

(۱۰) کافور بہم سینی بنانا

کافور جاوتری ہر ایک ۱۰ تولہ الائچی سفید - جائفل بالچھڑ - چاوتیاں - لونگ چھڑیلہ ہر ایک تولہ زعفران ۶ ماشہ زانب ۳ ماشہ مشک ۲ ماشہ سبکو عرق کیلے سے کھرل کریں اور گیہ بنا کر سکھا کر دو سکوروں میں بند کر کے جوہر اوڑالیں ۔

(۱۱) ترکیب دیگر

کافور صندل سفید ہر یک ۲ تولہ۔ الائچی سفید طباشیر۔ الائچی کلاں جائفل ہر یک ۶ ماشہ لونگ ۲ ماشہ۔ زعفران دو رتی سب کو پیس کر سفوف کریں۔ پھر ایک تانبے کا برتن کشور وان کی شکل کا لیکر اوس میں اول صندل سفید کا برادہ پھر ہر دو الائچی کے دانے اوسپر کافور پھر زعفران پھر مصری کا پتلی پھر جائفل پھر طباشیر رکھکر نلے آگ جلا دے تین پھر کامل دو چوبی آگ سے جو ہر اوپر جا لگے گی۔ اونکو چھوڑ کر حفاظت سے رکھیں۔

(۱۲) دیگر

الائچی سفید رخس آرد ملٹھی ہر یک ایک ایک تولہ مصری بیکانیری ۵ تولہ۔ کافور ۲ تولہ سب کو الگ الگ کوٹ کر ملا دیں۔ ایک کڑاہی میں ڈالکر اوپر پیالہ ڈھکدیں۔ اور تلے نرم نرم آنچ دیں۔ جب آدہ گھنٹہ گذر جاوے۔ تب آگ تیز کر دیں۔ تین پہر کے بعد سرد کر کے اوپر کا پیالہ اوٹھا کر کافور نکال لیں۔ جو چکنی میں دبانے سے موم کیطرح گل جایا کرے گا۔ جب پیالہ ڈھکیں تو اسکے گرد جل سندرہ لگا دیں۔ جل سندرہ یہ ہے ماش کا بار یک آٹا آدہ پاؤ۔ ہر اوہ بس ماشہ ملا کر لگا دیں جل سندرہ اسکو کہتے ہیں۔

(۱۳) کافور سادہ بنانا

پھٹکری سفید ۳ ماشہ گوند سفید ۳ ماشہ کافور ۶ ماشہ سب کو ملا کر کھرل کریں۔ اور تانبے کی ڈبیہ میں بند کر کے پکی کھچڑی میں دبا دیں

(۱۴) نمک کا پیالہ بنانا

نمک کو پانی میں پیسکر پتلی سی بنا لو اور مٹی کے پیالہ پہ بذریعہ برش لگا کر سکھا لو پھر پیالہ کو تیز آنچ میں رکھدو نمک ایک تہ ہو کر پیالہ میں جم جاویگا۔ جب وہ پتھر کی مانند سخت ہو جاوے تب پیالہ کو آہستہ آہستہ الگ کر لو بلور کی مانند جوہردار چمکتا ہوا پیالہ الگ ہو جاوے گا۔

(۱۵) اگر کی بتی بنانا

تج قلمی ۳ ماشہ تیز پات نرگچور خس ناگرموتھ عود ہر ایک ۳ ماشہ برادہ صندل سفید ۵ تولہ۔ مصطگی ایک تولہ سب کو باریک کر کے شہد میں ملا دیں اور بتی بنا کر استعمال میں لاویں۔

(۱۶) گندک کا گلاس بنانا

گندک کو صاف کر کے آگ میں گلا دیں اور املیل کے گلاس میں ڈالکر چاروں طرف کو ہلا دیں اور ایک منٹ کے بعد اوندھا کر نا صاف گندک کا نکال دیں پس اسکو گلاس بنکر بیجاویگا۔ بڑی احتیاط

باہر نکال لیں اب نیل گلاس کے اندر سب طرف گھی لگا کر چکنا کر دیں۔ تاکہ گندھک گلاس کے ساتھ نہ چپک جاوے اس پیالہ میں دن پلن یا پانی سب خون کو صاف کر دیتا ہے۔ مگر تیز گرم دودھ یا پانی نہ ڈالیں ورنہ گلاس کا پیندا جدا ہو جاوے گا۔

(۱۷) گندھک کو صاف کرنا

معمولی چھاچھیا گندھک کو کڑچھے میں ڈالیں اور قدرے گھی بھی ساتھ ہی ڈال دیویں۔ اس سے گندھک جلد گل جاویگی۔ اسکو دودھ میں ڈالدیں۔ اس طرح چند بار گلا کر دودھ میں ڈالنے سے وہ صاف ہو جاویگی۔

(۱۸) گندھک موم کیطرح نرم کرنی

گندھک کو گلا کر فوراً گرد پانی میں ڈالدیں۔ موم کیطرح نرم ہو جاوے گی۔ اوس کا جو کچھ چاہیں بنالیں۔

(۱۹) مصنوعی چرس بنانا

آنب کا مول ایک سیر گانجہ آدھ سیر لوست ڈوڈا ڈیڑھ پاؤ۔ سب کو بذریعہ پانی کوٹ کر کے ایک برتن میں بند کریں اور ایک ہفتہ تک زمین کے نیچے بند رکھیں۔ جب خمیر تیار ہو جاوے تب نکال کر شہد لگا کر بودار چمڑے کے اندر بھر کر خوب ملیں۔ اور باہر نکال کر گولیاں بنالیں۔

(۲۰) کافور کا درخت بنانا

شراب برانڈی یا اسپرٹ آف وائن کو ایک مولی شیشی میں ڈالکر تیز دھوپ میں رکھدیں۔ اور اسکے اندر کافور ڈالکر سوہنہ پیر کانچہ کا ڈاٹ لگا دیں تھوڑی دیر میں کافور حل ہو جاویگا۔ تب ایک کانچ کے گلاس کو سرد پانی سے دھو کر سرد کریں۔ اور یہ حل شدہ کافور اس میں ڈالدیں پس اوسکا درخت بن جاوے گا۔

(۲۱) قطب نما بنانا

مقناطیس لوہا ہمیشہ قطب کی طرف رہتا ہے۔ پس ایک سوئی لوہے کی لیکر اوسکے درمیان پیتل کی ایک باریک کٹوری جڑدیں تاکہ اس کی شکل اس طرح کی ہو جاوے

پس ایک ڈبیہ کے عین وسط میں ایک سوئی لوہے کی گاڑ کر اوپر پیتل کے کٹوری والی سوئی لگا دو جو آزادی سے ہر طرف گھوم سکیگی۔ پس اگر اوسکا ایک سرا مقناطیسی کریں تو وہ ہمیشہ قطب کیطرف رہیگا ایسی ڈبیہ لکڑی اور ہر ایک دھات کی

بن جاتی ہے۔ اسکے اوپر کانچ کا ڈھکنا دیدیں پھر
تالکہ اندر کی مقناطیسی سوئی اوپر اوچھلکر گر نہ
پڑے۔

(۲۲) قبلہ نما بنانا

کمپی کی شکل کا ایک چھوٹا سا جانور بناؤ
اور اسکے داہنے بازو کو مقناطیسی کردو مونہہ
پر لاکھ لگا دو یا کسی اور روغن سے سرخ کردو
پس وہ ہمیشہ قبلہ کیطرف رہیگا۔

(۲۳) لوہے کو مقناطیسی بنانا

اگر لوہے کو گرم کریں۔ اور سمدان پر شمال
جنوب رخ رکھکر ہتھوڑی کی ضربیں اسطرح لگاویں
کہ پہلے بے ضرب نچلے سرے سے درمیان تک
آویں۔ اور بعد کو ۷ ضرب درمیان سے اوپر والے
سرے تک لگادیں۔ تو اس میں مقناطیسی
قوت پیدا ہو جاوے گی۔

(۲۴) ترکیب دیگر

مقناطیس کو سرد پانی میں گھسلیں
جب پانی غلیظ ہو جاوے تب لوہا آگ
میں تپاکر اس میں بجھا دیں۔ پس وہ
مقناطیسی ہو جاوے گا۔ اصل مقناطیس
سیاہی نما سرخ رنگت کا ہوتا ہے۔
گوالیار میں بہت پیدا ہوتا ہے۔ سب
سے اعلےٰ وہ پتھر ہے جس کا رنگ بنگون
ہو اور سب سے ناقص وہ ہے جس کا
رنگ سرخ یا سرخی مائل ہو۔

(۲۵) مصنوعی ہینگ بنانا

ماس کا آٹا اور لہسن دونوں برابر ملاکر خوب
کھرل کرلیں اور چوتھائی وزن کی اصلی
ہینگ ملاکر کچے لوہار چمڑے میں بھر کر
دھوپ میں لٹکا دیں۔ جب قریب خشکی
کے پہونچے نکال لیں۔

(۲۶) زرد موم کو سفید بنانا

موم کو آگ میں گلا کر نیز سرکہ میں بجھاؤ اور یہ عمل
چند بار کرو عمدہ سفید ہو گا۔

(۲۷) ترکیب دیگر

فارورقی تیزاب کو برابر کے پانی میں ملاکر کھٹائی
بنالیں۔ اس میں موم زرد گلا کر ڈالیں چند
بار کے عمل سے سفید ہو جاوے گی۔

(۲۸) سخت اور سفید کرنا

چونہ کو پانی میں بجھا کر اس کا سفوف لیں
اور اوس کو سفید پھٹکری حل کریں اس میں
موم کو گرم کر کے ڈالیں جو سفید اور سخت
ہو جاوے گا۔

(۲۹) کیمیاگریا کانچ بنانا

عمدہ کانچ کو آگ پر گلاؤ اور ½ حصہ زرد
ہنا پنا اوس میں ملاکر اس قدر تیز آنچ دو
کہ بلور اور تانبا یکساں ہو جاویں اور
کانچ کا رنگ سبز ہو جاوے۔ پس

اس کاغذ سے جوشے چاہیں بنا سکتے ہیں
یہ کاغذ آتشی کھلاتا ہے۔ آگ پر ٹوٹتا
نہیں۔ اس میں کیمیا گر دواؤں کو چرخ دینے
میں تیزاب لھینچتے ہیں ٭

(۳۰) چمنی کو قایم النار کرنا

ایک دیگچی میں پانی ڈال کر اوس میں
گیہوں کی بھوسی ڈالدیں اور چمنی
اوس کے اندر رکھکر ہر تن کو آگ پر
رکھدیں ہلکے آگ جلاویں۔ جب پانی
اوبلنے لگے تب آگ سرد کریں جب
پانی خود بخود سرد ہو جاوے تب چمنی
نکال لیں ٭

(۳۱) میلے ہاتھی دانت کو صاف کرنا

شراب برانڈی میں کپڑا تر کرکے ہاتھی
دانت پہ ملیں میل دور ہو کر جسم سفید
ہو جاوے گا ٭

(۳۲) ہاتھی دانت کو رنگنا

کمنی دہی میں خوط دیکر یا چند عرصہ تک
بھیگا رکھکر پھر جس رنگ میں چاہیں رنگین
ہر ایک رنگ کو قبول کریگا ٭

(۳۳) انگریزی غازہ یعنی بٹتر

گلیسرین ۵ تولہ۔ عرق گلاب ۴ تولہ
عرق لیموں ۳ تولہ کھمیرے کا عرق ۳ تولہ
سبکو ملاکر شیشی میں بھر لو اوس کو ہر روز
سونے پر ملنے سے جسم ملایم اور صاف
ہو جاتا ہے ٭

(۳۴) بارسوپ

چونا ایک سیر سوڈا پاؤ بھر چربی آدھ سیر
پانی ۳ سیر سجی پاؤ بھر پہلے سجی اور چونے
کو ۳ سیر پانی میں بھگو دیں ۳ روز بعد
اسکا مقطر لیکر اوس میں سوڈا حل کریں اور
چربی آگ پر گلا کر اوس میں عرق مذکور ڈالکر
خوب اچھی طرح گھونٹیں جب عرق
آگ پر جذب ہو جاوے تب سانچوں
میں بھر لیں ٭

(۳۵) بال اوڑانیکا لوشن

ہڑتال زرد ایک تولہ چونہ دس تولہ دونوں
کو ملاکر کھرل کرکے شیشی میں محفوظ رکھ
چھوڑیں۔ ضرورت کیوقت قدرے لوشن
لیکر پانی میں حل کریں اور لیٹی کے مانند کرکے
بالوں کی جڑوں میں لیپ کر لیں۔ جب
خشکی کے قریب پہونچیں تو پانی سے دھو
ڈالیں ہوا اور رطوبت سے اس سفوف کو
محفوظ رکھیں۔ ورنہ اسکا اثر جاتا رہتا ہے۔

(۳۶) دیگر

اگر مذکورہ بالا سفوف میں ادویہ ذیل
شامل کر دیں تو نہایت عمدہ ہو جاتا ہے
کیونکہ پھر یہ جلد پر خراش پیدا نہیں کرتا
بلکہ جلد ملائم اور ریشم کی مانند نرم ہو جاتی
ہے اور نہ اوسپر کوئی داغ لگتا ہے۔ اور

اندوہاں سے بدبو آتی ہے مصالحہ یہ ہے
کافور۔ کپور کچری۔ الائچی سفید ہر ایک
ماشہ زعفران ۲ رتی ۵ تولہ دوا کے لئے
یہ وزن کافی ہے +

(۳۷) دیگر

شیرہ عشق پیچہ کلاں بڑا عدہ تولہ ہی
اگر لگایا جاوے تو بال گر جاتے ہیں
وجہ یہ ہے کہ یہ عرق بالوں کی جڑ دنکو کھا جاتا ہی

(۳۸) دیگر انگریزی پوڈر

ایک اونس بیری ام سلفائیڈ کھرل کریں
پھر اس میں برابر کا نشاستہ گندم یا آلو
ملا کر رکھ چھوڑیں اور ضرورت کے وقت
گرم پانی ملا کر لیٹی سی بنالیں اور بالوں
پر لگا دیں جب خشک ہو جاوے تب
پانی سے دھو ڈالیں +

(۳۹) بال اور اینکا عرق

لوگ اسے تیل کھکر فروخت کرتے
ہیں مگر یہ عرق ہے ایک حصہ بیری ام
سلفائیڈ کو بوتل میں ڈالیں اور ۵ حصہ
کھولتا ہوا پانی اوس پر ڈالکر فوراً موند بند
کر دیں۔ دو اندکور جس قدر حل ہونی ہوگی
خود بخود حل ہو جاوے گی۔ اور باقی
کا بیرم سلفائیڈ نیچے بیٹھ جاویگا اوس
وقت اوپر کا صاف پانی مقطر کر کے
علیحدہ شیشی میں بھر لیں اسکو بھی ہوا سے
محفوظ رکھیں ورنہ ہوا اوسکے اثر کو فوراً
زائل کر دیتی ہے۔ ترکیب استعمال یہ ہے
کہ جس جگہ بال دور کرنے ہوں وہاں پر
اونگلی سے ملیں اور دو ایک منٹ بعد
پانی سے دھو ڈالیں جب بال صاف
ہو جاویں تو وہاں پر تیل لگا دیں +

(۴۰) بال اور اینکا صابن

انگریزی سفید رنگ کا صابن بازار سے
لاکر یا دیسی سوسیا اعلے درجہ کا صابن
خرید کر اوسے باریک کاٹ کر پانی ملا کر
گھوٹیں اور آگ پر گرم کریں جب لیٹی
کی مانند ہو جاوے تب اوس میں چوتھائی
وزن کا بیری ام سلفائیڈ ملا کر خوب گھوٹ
ڈالیں اور سانچوں میں بھر کر ٹکیہ بنالیں
جہاں کے بال اڑانے ہوں پانی میں
گھول کر لیٹی سی بنا کر لگا دیں چند منٹ
میں بال دور ہو جاوینگے اس صابن پر
قلعی کے ورق لپیٹ کر بند رکھیں تاکہ
ہوا کے اثر سے محفوظ رہے۔ اگر صابن
نرم رہے تو اس میں نشاستہ گندم یا
سفیدہ کا شتوری ملا کر سخت کر لیں +

(۴۱) بال عمر بھر نہ اگیں

اگر کسی جگہ کے بال اکھاڑ کر وہاں چڑی
کا خون اور جونک کا سفوف ملائیں تو
بال عمر بھر پیدا نہ ہوں۔ جونکیں جو جسم

پر لگائی جاتی ہیں - اونکو سکھا کر خشک
کرلیں اور پیسکر سفوف بنالیں پس اس
سفوف میں چڑیوں کا خون ملا کر خمیر بنا کر
دوبارہ خشک کر کے سفوف کرلیں ۔

(۴۴۲) دیگر

کالی جیس ایک انگریزی دوائی کا نام
ہے جو انگریزی دوافروشوں سے مل
سکتی ہے - اگر بال کو پوڈر یا استرے
سے صاف کر کے اس جگہ پر ایک ڈرام یہ
دوا پانی میں حل کر کے لگاویں اور چند
بار یہ عمل کریں تو وہاں بال پیدا ہوتے
بند ہو جاتے ہیں ۔

(۴۴۳) بال پیدا کرنیکی ترکیب
مکھیوں کی بیٹھ ایک تولہ جو تک
خشک شدہ ۱ عدد انڈہ مرغ دس عدد
مکھو ملا کر خوب کھرل کریں اور آدھ سیر
تیل میں ڈالکر اس قدر پکاویں کہ بال شیار
جل جاویں تب تیل کو چھان صاف کر
لیں اور لگاویں ۔

(۴۴۴) دیگر

ہڑ اگرگٹ ایک عدد تیتے تیل یعنے
روغن کنجد میں جلا ڈالیں اور گھوٹ لیں
پس جہاں اس تیل کو لگاویں گے - فوراً
بال پیدا ہو جاویں گے یہ ایسا موثر تیل ہے
کہ اگر ہاتھ کی ہتھیلی یا انگلی یا تلوے پر لگایا
جاوے تو وہاں بھی بال پیدا ہو جاتے ہیں

(۴۴۵) بالونکو سیاہ کرنیوالا انگریزی خضاب
پیرو گیلک ایسڈ ایک اونس لیکر اسونیا
اونس عرق گلاب ۱۲ اونس ان سب اشیاء کو
ایک بڑی بوتل میں ڈالکر ملالیں اور اس میں
سے چھوٹی چھوٹی شیشیاں بھر لیں اور اوپر
عرق نمبر ایک لکھدیں پھر نیٹریٹ آف سلور
ایک اونس عرق گلاب ۲۴ - اونس ملا کر دوسری
چھوٹی شیشیاں بھر لیں اور اون پر عرق نمبر ۲
لکھدیں استعمال کے وقت برش کے
ذریعہ پہلے عرق نمبر ا بالوں کی جڑوں اور جسم
پر لگاویں فوراً بال سیاہ ہو جاوینگے تب
کوئی خوشبودار تیل اوپر لگا کر بالوں کو نرم
اور خوشبودار کرلیں مگر یہ خیال رہے کہ
عرق نمبر ۲ جلد پر نہ لگے - ورنہ چمڑا سیاہ
ہو کر اکھڑ جاوے گا عرق نمبر ۲ کو سورج کی
شعاع سے بچا کر رکھیں - ورنہ خراب ہو جاویگا
اس کی عمدہ ترکیب یہ ہے کہ سیاہ رنگ
یا نیلے رنگ کی شیشیاں بھریں اور اوپر
سیاہ یا نیلا رنگ کا کاغذ لپیٹ دیں ۔

(۴۴۶) دیگر

شورہ کا تیزاب ایک حصہ نیٹریٹ
آف سلور دس حصہ سپ گرین ۹ حصہ
لعاب گوندہ حصہ پانی ۳۰۰ حصہ مشک
کاست یا روح نی یوتل ایک بوند سب اشیاء

ملاکر عرق بنالیں اور بوتل میں محفوظ رکھیں استعمال کے وقت پہلے بالوں کو صابن سے دھوکر صاف کریں پھر کنگھی کو اس میں تر کرکے بالوں میں پھیریں۔

(۴۷) دیگر

چونہ پانی میں بجھایا ہوا ایک پونڈ مروارنگ ۴۔ اونس چاک ۴۔ اونس سفیدہ ۲۔ اونس سبکو گرم پانی سے خمیر کرکے لئی کے مانند کرلیں اور سونے سے پہلے بالوں پر لگاکر سوئیں لگانے کا عمدہ طریقہ یہ ہے کہ پہلے بالوں کو کنگھی کریں۔ پھر خضاب لگاکر اوپر رومال باندھ لیں۔ دو گھنٹہ تک بالوں کا رنگ بھورا اور صبح تک بالکل سیاہ ہو جاویگا۔ صبح رومال کو کھولکر کنگھی یا برش کے ذریعہ دوا اچھاڑ دیں۔ اور اوپر سے روغن زیتون لگالیں تاکہ بال چمکدار اور نرم ہو جاویں۔ اور اگر بالوں کو صرف سرخی مائل رکھنا مطلوب ہے تو دو گھنٹہ بعد کھول ڈالیں یہ خضاب بہت عمدہ ہے اور جلد پر دغ بھی نہیں لگتا۔

(۴۸) دیگر

چربی ۱۲۔ اونس سوم سفید ایک اونس بسمتھ کاکسٹ جسے پرل وائیٹ کہتے ہیں ۲۔ اونس کوئی سی خوشبو بقدر ضرورت مروارنگ بلیک کیا ہوا چونہ بانی کاربونیٹ آف پوٹاش ہر ایک ایک اونس سب کو خشک حالت میں ملالو۔ پھر پوریوں کو آگ میں گلاکر اوپر مذکورہ اوس میں ڈالدو اور ہلاتے رہو یہاں تک کہ وہ سرد ہو جاویں۔ اس دوا کے روزانہ مل لینے سے بال سیاہ رہتے ہیں۔

(۴۹) یونانی عمدہ ترکیب

نیٹریٹ آف سلور ۱ حصہ تیزاب شورہ ایک حصہ سپ گرین ۳ حصہ صمغ عربی ایک حصہ پانی ۱۸۰ حصہ سب کو ملالو اور حسب طریقہ نمبر ۴۶۔ استعمال کرو۔

(۵۰) دیگر اور بھی عمدہ

نیٹریٹ آف سلور ایک حصہ شورہ کا تیزاب ۲ حصہ لو ہے چون ۲ حصہ سب کو ملاکر ۴۔ گھنٹہ رکھ چھوڑیں پھر اوپر سے صاف پانی نتھار کر لیں اور دو حصہ جو کا آٹا ایک برتن میں رکھکر یہ عرق اس پر ڈالیں اور ۳ حصہ سفید چربی بھینسی کی ملاکر خوب گھونٹیں اور کنگھی سے بالوں پر لگاویں۔

(۵۱) عنبر بنانا

ہولیوں میں یا جشن کے موقعہ پر یہ رنگ ایک دوسرے پر ڈالا جایا کرتا ہے۔ ان کے بنانے کی ترکیب یہ ہے کہ کسی ورارروٹ لیکر اسے پانی میں پکاکر مالی رنگ دیکر سرخ کرلیں اور دھوپ میں خشک کرلیں

(۵۲) ہولیوں کا رنگ بنانا

جس قسم کا رنگ بنانا ہو اسکی ایک ہی ترکیب ہے یعنی جو یا جوار کے آٹے کو اس قسم کے

سات سو پچو پار

رنگ میں رنگیں کرلیں اور سکھالیں اسے گلال کہتے ہیں ٭

(۵۳) ابرک محلوب کرنا

گلال میں ڈال کر مونہہ بر ملتے ہیں یا ایا کے ذریعہ سفید دھنے ہوئے کپڑے پر لگاتے ہیں۔ تو نہایت عمدہ چمک دیتے ہیں سادہ ترکیب تو یہ ہے کہ ابرک کو ہاون دستہ میں کوٹ کر باریک کرلیں۔

(۵۴) دیگر

ابرک کو کاٹ کر چھوٹا چھوٹا کرلیں اور دیسی کپڑے کی پوٹلی میں ڈالدیں چند سنگ ریزے یا گوریاں بھی ساتھ ہی ڈالدیں اور پانی سے طشت میں خوب زور سے گھسیں کہ سنگ ریزوں کی رگڑ سے ابرک ذرہ ذرہ ہوکر پانی میں ملتا جاوے جب سب حل ہو جاوے تب پانی کو نتھار کر تلے سے ابرک نکال کر رکھالیں ٭

(۵۵) دیگر

ابرک کو تیز کویلوں کی آنچ پر رکھدیں جب وہ پھول جاوے تب کھرل میں ڈالکر رگڑ لیں۔ بالکل چاندی کا برادہ معلوم ہوگا ٭

(۵۶) کاربانک پیپر بنانا

کاجل میں قدرے تیل ملا کر پانی کے ذریعہ خوب گھوٹیں اور کاغذ پر لگاویں کاغذ کالا ہو جاوے گا۔ اسکو دوسرے کاغذ پر کے نیچے رکھکر جو چاہیں لکھیں نچلے کاغذ پر نقل آجاوے گی ٭

(۵۷) طریق دیگر

بلیک لیڈ کو باریک رگڑ کر پانی سے گیلا کرکے کاغذ پر پھیریں سیاہ ہو جاویگا ٭

(۵۸) دیگر

بادام کے چھلکوں کو جلا کر کوئلہ کرڈالیں اور رگڑ کر ان میں قدرے چربی ملا کر خوب حل کرلیں پھر اس کو کاغذ پر ملدیں کالا کاربانک پیپر بنجاوے گا ٭

(۵۹) رنگدار بنانا

سرخ نیلا یا سبز رنگ لیکر اوسے چربی میں ملا کر گھوٹیں اور کاغذ کو اوس سے رنگین کرلیں ٭

(۶۰) گھڑی صاف کرنیکا تیل

ایک شیشی میں چند ٹکڑے شیشہ یا چینی کے ڈالکر چند ہڈیاں بھی ڈالدیں اور اس میں روغن زیتون ڈالکر تیز دھوپ میں رکھدیں ۲۱ روز کے دھوپ سے تیار ہو جاوے گا۔ اوپر سے تیل نتھار کر کے بلاسنگ سے چھان لیں ٭

(۶۱) دیگر

دو چار ہڈیوں کے کوئلے بنا کر ایک شیشی میں ڈالیں اور روغن بادام اوپر بھر کر

دھوپ میں رکھدیں۔ چند روز کے بعد عطر کرکے چھان لیں۔

(۶۲) دیگر

تیزاب فاروقی ایک حصہ روغن خشخاش دو حصہ باہم ملاکر ایک شیشی میں بھر کر ۱۵ روز دھوپ میں رکھیں پھر عطر کرلیں۔ دونوں اجزا ملکر سُرخ رنگ کا تیار ہو جاویگا۔ اس کو کام میں لاویں۔

(۶۳) دودھ کا سفوف

کنگھی نام ایک بوٹی ہے جسکا درخت قد آدم ہوتا ہے اُسکے پتے کنگھی کیطرح ہوتے ہیں۔ اوس کی سبز شاخ لاکر چھیل ڈالیں اور دودھ برتن میں ڈالکر آگ پر پکاویں۔ اور اُس لکڑی سے ہلاتے رہیں۔ وہ آہستہ آہستہ جم کر خشک ہو جاوے گا۔ اور سفوف بنجاویگا

(۶۴) ۸ دیگر طریق انگریزی

کاربونیٹ آف سوڈا آدنا ڈرام ۵ تولہ تیز گرم پانی میں حل کریں اور پاؤ بھر تازہ دودھ میں ملاکر آگ میں پکاویں اور کھوے کی طرح بنادیں اور پھر چوڑے برتن میں ڈالکر پھیلا کر نرم آگ پر سکھالیں اگر شرین کرنا ہو تو اس میں قدرے مصری بقدر ذائقہ ڈالدیں۔

(۶۵) سینک کے کھلونے بنانا

یہ بھی ایک عمدہ چونکنے والی چیز ہے دونوں کو ۱۲ حصہ پانی میں ملاکر چند روز دھوپ میں رکھیں پھر عطر کرلیں۔ اور دَرد بالکل نکال ڈالیں۔ اس تیز پانی میں اگر سینگ کا برادہ ڈالیں تو وہ گل کر موم کی طرح ہو جاوے گا۔ اس کو سانچے میں بھر کر سادہ پانی ڈالدیں۔ کھلونہ یا جو شے چاہو تیار ہو جاویگی۔

(۶۶) گلاب کا دودھ تیار کرنا

عرق گلاب ۵۰ حصہ ایکسٹراکٹ آنا نیڈ ایک حصہ دونوں کو ملاکر قدرے عطر گلاب ملادو۔ بدن پر لگانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ جلد کی خشکی اور کھیلی کو دور کرتا ہے۔

(۶۷) طریق دیگر

روغن بادام ایک پونڈ بادام مقشر شرین ۵ پونڈ پرل رس ۸۔ اونس کستا تیل سوپ ۱۲۔ اونس عرق گلاب ساڑھے تین گیلن سبکو ملاکر خوب کھرل کریں کہ دودھ سا بنجاوی پھر اس میں عطر گلاب کے ۴۰ قطرے روغن لونڈر ۴ ڈرام اسپرٹ ۳ کوارٹ ملادیں۔

(۶۸) طریق دیگر

بادام مقشر ۲ پونڈ روغن سپرمونڈر ایک اونس اسپرٹ آف وائن ایک گیلن۔ عرق گلاب ۳ گیلن عطر گلاب ۲۰ بوند بائی کلورائیڈ آف مرکری ۴ گرام ٹائیڈروکلورک ایسڈ ۳ ڈرام بادام کو عرق گلاب میں گھوٹ کر دودھ سا

بنالو اور کپڑے میں چھان لو پھر باقی ادویہ ملا دو پھر بالی کلور ایڈ اور ایسیڈ کو باہم ملو اور اس میں نصف پینٹ گرم پانی ملا دو جب حل ہو جاوے، تو اس کو بھی پہلے عرق میں ملا دو۔

(۶۹) دیگر طریق جرمن

شوگر آف لیڈ۔ آپیرٹ آف لوتڈر ہر یک ایک اونس گلاب کا عرق لو بادام کا شیرہ ہر ایک ۱۶ اونس، پانی ۱۶ اونس سب کو ملا کر خوب گھونٹیں اور دودھ سا بنالیویں پھر ان میں عطر گلاب کے چند قطرے ڈالدیں۔

(۷۰) مشک کا مست

مشک دو ڈرام الکوحل ایک پونڈ دو تو کو ملا کر حل کر لیں۔

(۷۱) طریق دیگر

مشک نافہ ۵ حصہ جنا بیدستر ایک حصہ امبر قیسی اسپرٹ ایک حصہ نہایت تیز الکوحل ۳۵ حصہ سب کو ایک شیشی میں ڈھکر مہینے تک تیز دھوپ میں رکھیں۔

(۷۲) پیپرمنٹ کی مٹھائی

چینی باریک پسی ہوئی انڈوں کی سفیدی ہر دو برابر وزن ملا کر قدرے پیپرمنٹ ملا دیں اور اچھی طرح گھوٹ کر مٹھائی کے لیان بنالیں۔

(۷۳) گلابی مٹھائی

اگر مذکورہ بالا مٹھائی کو گلابی رنگ دار کر لیں تو یہ گلابی بنجاوے گی بعض وقت گلاب کی خوشبو دینے سے گلابی نام ہو جاتا ہے۔

(۷۴) اصلی ہیرے کی شناخت

ہیرے کو چند عرصہ دھوپ میں رکھیں پھر نئی روئی میں لپیٹ کر اندھیرے میں لے جاویں اگر ستارہ کی مانند چمکنے لگے تو اصلی سمجھیں ورنہ نقلی ہے

(۷۵) دیگر

سندان پر رکھکر اوپر ہتھوڑا ماریں اگر نہ ٹوٹے بلکہ لوہے میں گھس جاوے تو اصلی سمجھیں۔

(۷۶) دیگر

کانچ اور دیگر پتھر اور جواہر پر خط کھینچیں اگر لکیر پڑ جاوے اور کانچ کٹ جاوے تو اسے اصلی سمجھیں۔

(۷۷) شناخت دیگر

ایک موٹا سا کاغذ لیکر سوئی کے ذریعہ اوس میں ایک چھوٹا سا گول سوراخ کریں۔ اور اوس سوراخ میں سے ہیرے کو دیکھیں اگر اصلی ہیرا ہوگا تو ایک سوراخ نظر آوے گا۔ ورنہ دو۔

(۷۳) گلابی مٹھائی

اگر مذکورہ بالا مٹھائی کو گلابی رنگ دار کرلیں تو یہ گلابی بنجاوے گی بعض وقت گلاب کی خوشبو دینے سے گلابی نام ہو جاتا ہے ٭

(۷۴) اصلی ہیرے کی شناخت

ہیرے کو چند عرصہ دھوپ میں رکھیں پھر نئی روئی میں لپیٹ کر اندھیرے میں لے جاویں اگر ستارہ کی مانند چمکنے لگے تو اصلی سمجھیں ورنہ نقلی ہے

(۷۵) دیگر

سندان پر رکھکر اوپر ہتھوڑا ماریں اگر نہ ٹوٹے بلکہ لوہے میں گھس جاوے تو اصلی سمجھیں ٭

(۷۶) دیگر

کانچ اور دیگر پتھر اور جواہر پر خط کھینچیں اگر لکیر پڑ جاوے اور کانچ کٹ جاوے تو اسے اصلی سمجھیں ٭

(۷۷) شناخت دیگر

ایک موٹا سا کاغذ لیکر سوئی کے ذریعہ اوس میں ایک چھوٹا سا گول سوراخ کریں۔ اور اوس سوراخ میں سے ہیرے کو دیکھیں اگر اصلی ہیرا ہوگا تو ایک سوراخ نظر آوے گا۔ ورنہ دو ٭

(۸۱) طلسمی انگوٹھی بنانیکی ترکیب

دھات کی ایک انگوٹھی بنواؤ۔ (خواہ چاندی ہو) اوس کے چھلے تانبا یا پیتل یا سفید تانبا ہو) اوس کے چھلے میں دونوں طرف تانبے اور جست کی میخیں لگواؤ پھر نگینہ کی جگہ کٹوری میں اسی طرح میخیں لگواؤ ان میخوں سے برتی مادہ زیادہ ہو جاویگا پھر نگینہ کے اندر لاکھ اور پتھر کا کوئلہ ملاکر پگھلا کر بھر دو پس اوسکو کسی معمول کے ہاتھ میں دیکر دکھلاؤ۔ تو غیب کی خبریں ملیں گی ٭

(۸۱) دیگر

ایک کاغذ کی چندتہ بناکر اوس میں چند سوراخ کردو اور ایک برتن میں تیل بھر کر نلے رکھدو اوس سوراخ کے راہ تیل کو دیکھنے سے معمول کو حاضرات نظر آویگی ٭

۸۰ سونٹھ کاست

پسی ہوئی سونٹھ دو اونس الکوحل ۱۲ اونس ملاکر سات دن رکھیں اگر چاہیں تو اس میں آدھا ڈرام جالپنل ملادیں تو یہ اور تیز اور عمدہ ہو جاتا ہے ٭

(۸۱) چکوترہ کاست

چکوترہ کے چھلکا کو کدکش کرلیں۔ اور بحساب فی ۱۲ پونڈ ۲ پونڈ چینی ملادیں سب کو اس مذکورہ اوپر کریں کہ آپس میں مخلوط ہو جاویں۔ پس اس کو ایک پتھر کے برتن میں خوب دبا کر بھر دیں اور منہ پر کاغذ دیکر اوپر کپڑا باندھ دیں اور چند روز دھوپ میں رکھیں ٭

(۸۲) سنگترہ کاست

۶ عدد سنگتروں کے چھلکوں کو کدکش کرلیں اور ۶ سنگترونکا عرق نکال کر اس میں ڈالدیں اور قدرے چینی ملاکر چند عرصہ خوب پکاویں۔ پھر بوتل میں بھر کر بند کر دیں

(۸۳) کاٹھ جوڑنیکا مصالحہ

آئی سنگ گلاس قدرے لاکر اوسے ایسی ٹک ایسڈ بہت تیز میں حل کرلیں جب شہد کی مانند تیل ہو جاوے تب استعمال کریں ٭

(۸۴) دیگر

لاکھ مصطگی اور سریش کو اسپرٹ آف وائن میں ڈالکر دھوپ میں رکھدیں چند روز میں گوند کی طرح لعاب دار ہو جاویگا اس سے لکڑی کو جوڑیں پختہ جڑ جاویگی لاکھ وغیرہ سب ہموزن ہوں ٭

(۸۵) چینی کے برتن جوڑنیکا کشمیری مصالحہ

سیچے سیپ یا بڑے سیپ کا چونہ خوب باریک کرلیں اور اس میں انڈوں کی سفیدی ملاکر اس قدر گھونٹیں کہ لئی کے مانند ہو جاوے تب برتن کے جوڑ پر لگا کر ٹکڑوں کو مضبوط کسکر باندھ دیں۔ اور آگ کے آگے رکھدیں

جب خشکی کے قریب پہونچے تب چاقو کی نوک سے فاضلہ مصالحہ کو دونوں طرف سے کھرچ کر صاف کردیں۔ جوڑ بے معلوم ہوگا۔

(۸۶) دیگر

باریک کانچ کو باریک پیسکر انڈہ کی سفیدی میں ملاکر جوڑ پر لگاویں اور آگ کے آگے رکھکر سخت کرلیں پختہ جوڑ لگجاویگا۔

(۸۷) جواہرات جوڑنیکا مصالحہ

ایسنگ گلاس کو پانی میں بھگو دیں۔ جب نرم ہوجاوے تب اسپرٹ میں گلاکر اوس میں قدرے رال کا وارنش شامل کردیں اور خوب گھوٹ ڈالیں۔ اس سے کانچ چینی اور عمدہ جواہرات پختہ طور پر جڑ جاتی ہیں۔

(۸۸) دانت بھرنیکا مصالحہ

تلسی کا دق اور بارہ دونوں کو ملاکر مل کر دو پرسی کی مانند ہوجاوینگے۔ ان میں انیون ملاکر خوب کوٹ جب پوٹیس کی طرح ہوجاویں تب کھوکھلے دانت یا داڑھ میں بھردیں دانت نہایت مضبوط ہوجاوے گا۔

(۸۹) دیگر

کسی دانت کا ٹکڑہ لیکر اوس میں فولاد کا برادہ ملاکر انیون کے ذریعہ کوٹ کر ملاکر استعمال کریں۔

(۹۰) فرش کے لئے سیمنٹ

چونہ ریت اور لوہے کے ریزے جو گرم لوہا کو مٹے وقت گرتے ہیں۔ اگر ملکر کھرل کرلیں تو عمدہ سیمنٹ بنجاتا ہے۔ چونہ کا سیمنٹ اس طرح خمیر کرتے ہیں کہ چونہ اور کوئلوں کی راکھ ملاکر قدرے پانی ڈالکر خوب حل کرتے ہیں اور تین چار روز کے بعد پھر کھرل کرتے ہیں۔ پھر لگا کر رکھدیتے ہیں۔ اور تین چار روز بعد پھر کھرل کرتے ہیں۔ حتی کہ اوس میں لیس پیدا ہوجاتا ہے۔ تب اوسکو فرش کی درزوں اور دیگر جگہ لگاکر سکھا لیتے ہیں اور سوکھ کر نہایت پختہ ہوجاتا ہے۔

(۹۱) کانچ اور پیتل جوڑنیکا مصالہ

مکول پتھر کو پھونک کر چونہ بنالیں اور اوسکو اسقدر باریک پیسیں کہ میدہ کی مانند ہوجاوے۔ جب ضرورت ہو قدرے پانی میں گھول کر جلد لگالیں سوکھ کر پختہ جوڑ لگجاوے گا۔ جتنا لگانا ہو اتنا ہی گھولیں ورنہ زاید بچا ہوا خراب ہوجاتا ہے۔

(۹۲) لوٹکری کے لئے وارنش

سرخ سیاہ سبز یا سفید لاکھ (جو رنگ پسند ہو) دو اونس اسپرٹ آف وائن ایک اونس لاکھ کو خوب باریک کرلو اور ایک بوتل میں ڈالکر شراب اوپر ڈالکر ۲۴ گھنٹہ تک

ازکم ۸ گھنٹہ آگ کے سامنے رکھ چھوڑو۔
جب لاکھ گل جاوے تب استعمال کرو۔ برش
برش لوکری پر لگاؤ۔

(۹۳) بوٹ اور شوز کیلئے چمکیلا وارنش

اسپرٹ آف وائن ۲½ پینٹ سفید شراب
۵ پینٹ گم سینگل نصف پونڈ لوف شوگر
۶۔ اونس مازو پسی ہوئی دو اونس زنگار۔
۴۔ اونس اسپرٹ آف وائن میں لوف
شوگر اور گم سینگال ڈال کر نرم آگ پر
گلاؤ اور اسبات کا خیال رکھو کہ شراب
اوبل نہ جاوے پھر بازہ اور زنگار ملا کر
الکوحل بھی ڈالدو اور ۵ منٹ تک خوب
ہلاؤ۔ پھر فلالین میں سے چھان کر بوتل
میں ڈالدو اگر زیادہ سیاہ رنگ کرنا ہو
تو پرنگ یا لنگم کا رنگ اور لوہے چون
کا رنگ اس میں اضافہ کردے نہایت
سیاہ اور چمکیلا رنگ ہو جاویگا۔

(۹۴) روغنی عرق جاپانی جوتیوں کیلئے

سفید روغن گڑھ حصہ کابل ایک حصہ میٹھا
تیل ایک حصہ صمغ عربی ایک حصہ ٹرینٹائن
ایک حصہ پانی ۲ حصہ سب کو
ملا کر آگ پر ملاؤ۔ اور گرم کرو جب سب
چیز ملجاویں تب اسپرٹ آف وائین
ایک اونس ڈالدو جب استعمال کرنا ہو تو
برش کے سامنے رکھکر گرم کرلو اور لگاؤ۔

(۹۵) گوپال وارنش

سندرس گوند ایک حصہ السی کا پکایا ہوا
تیل ۲ حصہ روغن تارپین بقدر ضرورت
سندرس کو گرم کرکے اس میں باقی اجزا
ملا دو یہ سادہ روغن ہے اس میں جو رنگ
رنگ چاہو ملا دو سب طرح کا رنگ بن سکتا ہے

(۹۶) کرسٹل وارنش

خالص گوند ملکر کناڈا ۱ اسپرٹ آف ٹرپن تارپین
رقیق اور زرد ہر دو ہموزن دونوں کو ملا کر
اس قدر کھرل کرے کہ حل ہو جاویں تب
لگا دو جب صاف ہو جاویں منقطر کرلو۔

(۹۷) اسباب کیلئے وارنش

سفید موم ۱۵۔ اونس رال زرد ایک
اونس اسپرٹ آف ٹرپنٹائن ایک کوارٹ
سب کو ملا کر آگ کے نزدیک یا دھوپ
میں رکھو کہ حل ہو جاویں استعمال کیوقت
برش یا فلالین یا اسپنج سے لگاؤ۔

(۹۸) گلت شدہ سنہری اسباب کیلئے
وارنش

چپڑا لاکھ۔ عصارہ یوند۔ دم الاخوین
گرمدانہ ہر ایک ۴ حصہ زعفران ایک حصہ
ہر ایک شے کو الگ الگ ۸ حصہ الکوحل
میں گلا لو۔ تب سبکو اکٹھا کرلو نہایت عمدہ
سنہری روغن بنجاویگا۔ زعفران اور دم الاخوین
کو رنگ کے سوانح کم و بیش کر سکتے ہیں۔

(۹۰) فرش کے لیے سیمنٹ

چونہ زیت اور لوہے کے ریزے جو
گرم لوہا کو ٹتے وقت گرتے ہیں۔ اگر ملا کر
کھرل کرلیں تو عمدہ سیمنٹ بنجاتا ہے۔
چونہ کا سیمنٹ اس طرح خمیر کرتے ہیں۔
چونہ اور کوئلوں کی راکھ ملا کر قدرے
پانی ڈالکر خوب حل کرتے ہیں اور تین چار
روز کے بعد پھر کھرل کرتے ہیں۔ پھر لگا
رکھدیتے ہیں۔ اور تین چار روز بعد پھر
حل کرتے ہیں۔ حتی کہ اوس میں لیس پیدا
ہو جاتا ہے۔ تب اوسکو فرش کی درزوں
یا دیگر جگہ لگا کر سکھا لیتے ہیں اور سیکو
بہت پختہ ہو جاتا ہے۔

(۹۱) کانچ اور پیتل جو زنگ کا مصالہ
پتھر کو پھونک کر چونہ بنالیں اور
اسقدر باریک پیسیں کہ سیدھی
ہو جاوے۔ جب ضرورت ہو تو سے
گھول کر جلد لگالیں سوکھ کر پختہ
جاوے گا۔ جتنا لگا ہو اتنا ہی
ورنہ زاید بچا ہوا خراب ہو جاتا ہے

لوٹا کری کے لیے وارنش

سیاہ سبز یا سفید لاکھ ۱ جو رنگ پسند
اسپرٹ آف وائن ایک اونس
ب باریک کرلو اور ایک بوتل
شراب اوپر ڈالکر

(۹۹) تصویروں کیلئے عمدہ وارنش

مصطگی عمدہ ۱۲ پونڈ۔ سفید صاف اور پتلا کانچ باریک پسا ہوا ۵ پونڈ اسپرٹ آف ٹربن ٹائین بے رنگ ۵ گیلن ان سب اجزاؤں کو ایک مناسب برتن میں ڈالکر ۵-۶ گھنٹہ تک خوب ہلاؤ۔ پھر لٹکا دو دوسرے اور تیسرے روز بھی ویسا ہی کرو۔ پھر اوسکو کئی ماہ تک ٹھا چھوڑ دو تب اوپر سے صاف روغن جو رقیق ہو گا قطر کر لو۔

(۱۰۰) مہاگنی لکڑی کیلئے وارنش

سیاہ رنگ کا اینمی گوند لینی کرکس ۲ ½ حصہ سرسوں کا تیل ایک سو حصہ مردار سنگ ایک حصہ شوگر آف لیڈ ½ یا سفیدہ ایک حصہ سب کو ملا کر اس قدر پکاؤ کہ روغن بنجاوے تب سرد کر کے اس میں قدرے روغن ٹارپین ملا دو۔

(۱۰۱) چھپروں پر لگانیوالا عمدہ روغن

مردار سنگ باریک پسا ہوا ایک پونڈ ٹربن ٹائین دو پونڈ دونوں کو ملا کر آگ پر پکاؤ۔ السی کا تیل ۲ یا ۳ پونڈ سب کو ملا کر حل کر لو برش کے ذریعہ کپڑے پر لگانے سے موی اور برساتی کپڑا بنجاتا ہے جس پر پانی بالکل اثر نہیں کر سکتا۔

(۱۰۲) جاوہ کا صابن

تیل چونکہ پانی سے ہلکا ہوتا ہے اسلئے چاہو کتنا ملاؤ اور کتنا ہی پیٹو، مگر یہ دونوں آپس میں باصل نہیں ملتے لیکن جب قلیوں میں ملایا جاوے تو فوراً ملکر حل ہو جاتے ہیں۔ یہی حال تیزاب سبجی کا ہے وجہ یہ ہے کہ اس صورت میں تیزاب تیل کو گرفت کر لیتا ہے۔

(۱۰۳) مصنوعی ہاتھی دانت

الو چھیل کر تھوڑی دیر پانی میں بھگو دیں جب اوبل جاوے تب کچلکر خوب گھوٹ ڈالیں اور قدرے تیزاب محلول ملا کر آگ پر پکا کر لئی سی بنالیں اور گرم گرم حالت میں سانچے میں بھر کر چوکھٹیں بنالیں۔ پھر سرد پانی میں ڈال کر سخت کر لیں سوکھ کر ہاتھی دانت کے موافق شئے بنجاوے گی۔

(۱۰۴) دیگر

گوبھی کا پھول اور شکر قندی سے بھی اسی طرح بنا سکتے ہیں۔ مگر ان میں قدرے سریش بھی ڈالا جاتا ہے۔

(۱۰۴) مصنوعی مارچمنٹ بنانا

گندم کے تیزاب میں وہ چند پانی ملا کر کانچ کے برتن میں رکھیں اور سفید دنبر کاغذ کو اس میں بھگو دیں۔ جب ۳ یا ۴ سکنڈ ہو جاویں تب باہر نکالکر ایوریتا کے کمزور پانی سے دھو ڈالیں تیزاب نکل جاویگا۔ اور کاغذ وسیلی بنکر رہے جاویگا۔

(۱۰۶) پارچمنٹ کی حقیقت

جب کاغذ ایجاد نہیں ہوا تھا۔ تب تحریر درختوں کی چھال بھوج پتر چمڑے پتھر وغیرہ پر لکھا کرتے تھے۔ اون دنوں بکری اور بھیڑ کے چمڑے کو باریک اور نرم کرکے دھو کر سفید کر لیا کرتے تھے۔ یہ بالکل دبیز کاغذ کی مانند سفید ہوا کرتا تھا۔ مضبوط بہت ہوتا ہے۔ اور مدتوں تک چلتا ہے اب بھی سندات اور دیگر فرمان شاہی جو دیر تک رکھنے مطلوب ہوتے ہیں سب اسی پر لکھے جاتے ہیں۔

(۱۰۷) کاغذ کو قایم النار بنانا جو آگ پر نہ جلے

سفید پیٹکری کو پانی میں حل کر لیں پھر اس میں کاغذ کو چند عرصہ تر رکھکر سوکھا لیں جب سوکھ جاوے تب آگ کے شعلہ پر رکھکر آزمائیں اگر آگ نہ لگے تو درست سمجھیں ورنہ چند بار اور سبکو کر تیار کر لیں۔

(۱۰۸) کاغذ کی سفری کڑاہی

سفر میں اگر کاغذی کڑاہی میں کوئی شے تلنی پڑ جاوے تو کاغذ کا دونا بنا کر اس میں تیل ڈالدیں اور کوئلوں کی آنچ پر رکھدیں ہرگز نہیں جلیگا۔ جب تیل کھولنے لگے تب اس میں جو کچھ چاہیں تلیں لیکن شرط یہ ہے کہ آنچ صرف

پیندے میں لگے۔

(۱۰۹) دیگر

اگر پتوں کا دونا بنا کر اس میں پانی بھر کر اور بطریق مذکورہ بالا ڈالکر پکا دیں تو پک جاوے گی۔

(۱۱۰) گوشت کو تازہ رکھنے کی ترکیب

ایک کھلی ٹوکری میں گوشت ڈال کر چلتے پانی کے چشمہ میں رکھدو ۵-۶ روز تک درست رہے گا۔ اور ایک ہفتہ کے بعد پانی اوپر تیر آوے گا تب اوسے استعمال کر لو۔

(۱۱۱) طریق دیگر

ایک کھلے پیپے میں جسکا مونہہ چوڑا ہو ایک مٹھی بھر کندھ کا سفوف اور اوسی قدر لوہے چون ملا کر ڈالیں اور اوسپر گرم پانی ڈالیں اوس پر سلاد کا تیل کا ڈورا دیں جب یہ سب انجرات ٹھنڈا سرد ہو جاوے تب گوشت کا ٹکڑا اس پانی میں لٹکا دیں کہ وہ بالکل پانی کے اندر ڈوبا رہے بہت مدت تک درست رہیگا۔ جب ضرورت ہو نکالکر صاف پانی میں اچھی طرح دھو کر استعمال کریں۔

(۱۱۲) دیگر

جس دودھ سے مکھن نکالا گیا ہو

نکال لیتے ہیں۔ دو دو دھ ایک برتن میں بھر کر اوس میں گوشت ڈالدو کہ گوشت دو بار ہے چند روز بعد دودھ خراب ہو جاوے گا۔ اوسے بدل دو اس طرح سے دو دو دس بارہ روز تک درست رہے گا۔

(۱۱۳) سیب مہینوں تک تازہ رہیں

صندوق میں بھوسا بچھا کر سیب الگ الگ اوس میں دبا دیں کہ ایک دوسرے نہ ملیں۔

(۱۱۴) دیگر

سوم گاما کر اوس میں ڈبو کر رکھیں اور صندوق میں بطریق بالا چن دیں۔

(۱۱۵) میوہ تازہ رکھنا

شہد میں خواہ کسی میوہ کو ڈبو رکھیں ۲ سال تک خراب نہ ہوگا۔

(۱۱۶) کشمش کے خوشے درست رکھنا

کشمش کے بہت سے خوشے ایک شاخ سے باندھو اور اس شاخ کو چھلنی میں رکھدو پھر ایک کڑاہی میں شربت بناؤ اور جب چاشنی تیار ہو جاوے تب اس چھلنی کو اوس پر رکھدو اور ۵ منٹ تک رکھا کر کشمش الگ نکال لو اور برتن میں رکھ دو۔

(۱۱۷) سیل بن صاف کرنیکی ترکیب

شیشی یا مین کی دو بیر صندوق کے چھرّے بھر دو۔ جب لکھ چکو تب قلم اوس میں دبا دو۔

(۱۱۸) بالوں کی مانگ جمانے اور پٹی بنانے کی ترکیب

موم میں روغن نارجیل بذریعہ آگ ملا دو۔ پھر اس میں قدرے کاجل اور چند قطرے عطر حنا کے ملا کر خوشبودار بنا لو جب کنگھی سے بال سنوار چکو تب یہ مرکب اوپر لگا لو بال بکھر نیکے نہیں۔

(۱۱۹) لوہا تانبا معلوم دے

لوہے پر کتھائی لگا کر نیلا تھوتھا ملدو تانبا کا سا رنگ ہو جاوے گا۔

(۱۲۰) درختونی نازک چھال سلھانے کا طریقہ

چھال کو بروں پیپر کی تھیلی میں بھر کر ہوادار جگہ لٹکا دو۔ چند عرصہ میں سوکھ جاوے گا۔

(۱۲۱) انڈے مدتوں تک خراب نہوں

گوند کے گاڑھے لعاب میں انڈوں کو ڈبو کر سکھا لو کہ گوند کا پلستر اوپر چڑھ جاوے۔

(۱۲۲) طریق دیگر

سوم کو گلا کر انڈوں کو بطریق مذکورہ بالا اوس میں ڈبو کر اوپر پلستر کر دو۔

(۱۲۳) مکھی مارینکی ترکیب

کواشیا کا سفوف ۶ ماشہ یا ایک تولہ پانی ڈیڑھ پاؤ دونوں کو آدھ گھنٹہ بھگو کر چھان لو اور اس میں دس تولہ سیاہ مرچ پیسکر ملادیں پھر اس میں سوختہ کاغذ یعنے بلاٹنگ پیپر تر کرکے سکھالیں پس سادہ پانی کو ایک طشت میں ڈالکر اس میں اس کاغذ کا ایک تختہ ڈالدیں۔ گڑ کی بو پاکر مکھیاں بھاگی آوینگی اور کواشیا کی تاثیر سے فوراً مرتی جاوینگی۔

(۱۲۴) طریق دیگر

سم الفار سفید کو بجائے کواشیا کے اگر استعمال کریں تو یہ اور بھی تیز ہو جاتا ہے

(۱۲۵) ہاتھی دانت کو صاف کرنا

اسپرٹ آف وائن میں کپڑا تر کرکے اس پر ملدیں فوراً صاف اور سفید ہو جاوے گا۔

(۱۲۶) پہلی مدت تک درست رہے

ایک برتن میں پہلی ڈالکر اوس پر سلاد کا تیل بھر دو اور پھر سونڈ ایسا مضبوط باندھ دو کہ ہوا کا بالکل دخل نہ ہو پس وہ برسوں تک درست رہے گا۔

(۱۲۷) طریق دیگر

پہلی صاف کرکے برف میں دبادو اور صندوق یا برتن کو ہوا سے محفوظ کردو

(۱۲۸) پرانے آلو نئے ہو جاویں

آلو چیر کر چاندنی میں رکھدو۔ دو روز میں نئے ہو جاوینگے۔

(۱۲۹) آلو خراب نہ ہوں

آلو نکے عرق میں آلو ڈالدو یا الگ الگ ہوا میں رکھدو کہ پھیلے رہیں۔

(۱۳۰) پھول ایک عرصہ تک تر و تازہ رہے

پھول کو لمبی ڈنڈی کے ساتھ کاٹ لو اور موم گرم کرکے ڈنڈی اوس میں ڈبو دو۔

(۱۳۱) مرجھائے ہوئے پھول تازہ ہو جاویں

پانی کو سخت گرم کرو اور پھولوں کو اس میں ڈبو دو جب پانی سرد ہو جاوے تب پھول باہر نکال کر گلی ہوئی ڈنڈیاں کاٹ ڈالو۔ اور سرد پانی میں تر رکھو۔

(۱۳۲) دودھ کی ترکاری بنانیکی ترکیب

بھینس یا بھیڑ کے دودھ کو آگ میں چڑھا دیں اوس میں بالائی نہ آنے دیں۔ تب کھڑائی ملاکر پھاڑ لیں اور کپڑے میں چھانکر ملائی الگ کرلیں پھر اس کو باریک کپڑے میں باندھ کر لٹکا دیں جب تمام پانی نکل

چھڑے بھر دو۔ جب لکھ چکو تب قلم اس میں دبا دو۔

(۱۱۹) بالوں کی مانگ جمانے اور ٹی بنانے کی ترکیب

موم میں روغن نارجیل بذریعہ آگ دو۔ پھر اس میں قدرے کاجل اور قطرے عطر حنا کے ملاکر خوشبودار جب کنگھی سے بال سنوار چکو تب اوپر لگا لو بال بکھر نیکے نہیں۔

(۱۲۱) لوہا تانبا معلوم دے پر کتائی لگا کر تیلا تھوتھا ملدو سارنگ ہو جاوے گا۔

(۱۲۲) درختوں کی نازک چھال سکھانے کا طریقہ

دو بردن پیپر کی تیلی میں بسر کر جگہ لٹکا دو۔ چند عرصہ میں دے گا۔

(۱۲۳) انڈے مدتوں تک خراب ہوں

ے گا ڈبے لعاب میں انڈوں کو سکھا لو کہ گوند کا پلستر اون سے

طریق دیگر

کھلا کر انڈوں کو بطریق مذکور ب ڈبو کر اوپر پلستر کردو۔

چکے۔ اور ماہ اپنیر کی سخت ہو جاوے۔
تب چاقو سے تراش کر یا گولیاں بنا کر
گھی میں تل لے پھر گوشت کی طرح شوربہ
دار پکا کے یا کوفتوں کی طرح بس مسا
لہ شوربا رکھے۔

(۱۳۳) لیٹمینہ کو گرم سے محفوظ رکھنا

دھوپ اور ہوا خوب لگنے دو۔ اسباب
کو لٹکا چھوڑو۔ کبھی کبھی جھاڑ دیا کرو نیم کے
پتے اور کافور اوپر ڈالدو۔

(۱۳۴) ایسا عرق بنانا جو بالوں کو گرنے سے محفوظ رکھے

شہد ۲ پونڈ روزمری ایک مٹھی بھر انگور کے
پتے یا انگور کی بیلوں کا سوت دو مٹھی بھر
قدرے دودھ تازہ ان سب کو ملا کر
بذریعہ نال کشید کر لو۔ گوار پٹر کے قریب
عرق نکلیگا بالوں پر لگانے سے مذکورہ
بالا فائدہ حاصل ہوگا۔

(۱۳۵) صحت قایم رکھنے کے اصول

سورج سے پہلے جاگو اور رات کو
بہت دیر تک مت جاگو۔ ہر روز صبح
کو تازہ پانی سے غسل کرو اور بدن کو تولیا
سے پونچھ کر صاف کرو۔
شراب و شربت اور چائے وغیرہ زیادہ یا
بار بار مت پیو صرف پانی کی ضرورت رکھو
کھلے اور ہوادار کمرہ میں خواب کرو۔ سر کو
سرد اور پاؤں کو گرم رکھو بھوک خوب
لگے تب کھاؤ۔ اور کچھ بھوک باقی رہے
تب بس کرو۔ معدہ کمزور نہ ہوگا۔ اسی
طرح پانی پیو گوشت اور متحرک اشیاء مت
کھاؤ۔ مثلاً لال مرچ۔ تیل کے پکوان وغیرہ
باقاعدہ ورزش ہر روز کیا کرو۔

(۱۳۶) مصنوعی بجلی

ٹین کا ایک نل بنوا کر اوس کے دونوں
سروں پر چھلنی کی طرح سوراخ کر لو اور
اس نل کے اندر بال باریک پیسکر
بھر دو پھر جلتی ہوئی مشعل پر اس نل کو
پھراؤ۔ بال سوراخ کے راہ نکل کر شعلہ
پر گرے گی۔ اور بجلی کی طرح معلوم دیگی۔

(۱۳۷) جوتا سکھانیکی نئی ترکیب

برسات میں جو بوٹ یا جوتے پانی سے
بھیگ جاتے ہیں۔ اون کو اگر دھوپ
میں سکھاویں تو شکن اور جھریاں پڑ جاتی
ہیں۔ اس لیے اس میں بھوسا یا کھڑیا
یا چنوں کا آٹا یا بلاسٹنگ پیپر ڈالدینے
سے تمام پانی سوخت ہو جاتا ہے۔ اور
شکن بھی ہرگز نہیں پڑینگے۔

(۱۳۸) لوہے پر زنگار نہ لگے

نشاستہ اور مرطوب آب دھوئے اگر

ہوا محفوظ رکھا جاوے تو اوس پر زنگار نہیں لگتا۔ اس لئے اگر شے کو چونہ کے اندر یا کھڑیا مٹی اور چاک کے اندر اور تیل کے اندر چھپا کر رکھیں تو زنگار نہیں لگتا

(۱۳۹) دیگر

عمدہ وارنش میں ریکٹی فائد اسپرٹ آف ٹرپن ملائن ملا کر روغن کو رواں کر لیں۔ اور کسی اوزار پر اس کو لگا دیں۔ وہ زنگار سے محفوظ رہے گا۔

(۱۴۰) دیگر

جست کا کشتہ پانی میں حل کریں اور سانباد پوٹاسم قدرے اوس میں حل کر دیں۔ اس سلوشن میں کاغذ کو غوطہ دیکر سکھا لیں۔ پھر غوطہ دیں الغرض چند بار غوطہ دیکر سکھا لینے سے کاغذ جست کا بہت سا حصہ جذب کر لیتا ہے جس میں یہ تاثیر ہو جاتی ہے کہ آب و ہوا کا اثر اندر کی شے پر بالکل نہیں ہوتا۔

(۱۴۱) جلے ہوئے شخص کی دوا

یہ دوا نہایت ہی لاثانی ہے رال سفید پیسکر باریک کر لیں۔ اور کپڑے سے چھان ڈالیں تب اوس میں قدرے تیل ڈالکر حرب کر ڈالیں۔ بعد ازاں اتنی ڈالکر دھوتے جاویں۔ جب وہ مکھن کی طرح ہو جاوے تب زخموں پاس کا پچانا لگا دیں۔ فوراً ٹھنڈک پڑ جاتی ہے اور چند ہی پھاؤں سے آرام ہو جاتا ہے مگر اس بات کا خیال رکھیں کہ دوا ہر روز تازہ بنائی جاوے کیونکہ باسی دوا خراب ہو جاتی ہے۔

(۱۴۲) تمباکو کی گولی بنانا

پوربی تمباکو پانی سے دھو کر صاف کر لو پھر باریک پیسکر قدرے زعفران اور کتھ ملا کر اور خوشبو کے لئے قدرے عطر حنا ملا کر گولیاں بقدر ماش بنا لو اور سکھا لو۔

(۱۴۳) خمیر تمباکو تیار کرنا

تمباکو پینے کا باریک کوٹ کر اس میں برابر کا مربع سیب ملا کر خوب ملو جب دونوں ایک ذات ہو جاویں تو اشیاء ذیل ملا کر گولیاں بنا لو چھلیرہ پانڑی کپور کچری۔ ناگر موتھ۔ عطر موتیا قدرے چیزوں کو باریک کر کے دو۔

(۱۴۴) نیند لانیوالی دوا

دھتورہ کے تین چار بیج منقے کے اندر بھر دیں۔ جس کو کھلا دیں اس کو فوراً نیند آ جاوے گی۔

(۱۴۵) دیگر

انیسون کو پانی میں گھول کر شہد کی انند گاڑھا کر لیں۔ پھر چوگنے گھی میں ملا کر آگ پر پکا دیں۔ جب انیسون سڑ جاوے، تب

اوس گھی کا حلوا بنا دیں جو اوسے کھائیگا فوراً اوسے نیند آجاوے گی۔

(۱۴۶) نیند لانیوالی دیگر دوا

بھنگ کاست برابر میں ملا کر کھانے سے فوراً نیند آجاتی ہے۔

(۱۴۷) سبز ترکاری سوکھا رکھنے کی ترکیب

خشک موسم میں سبزی کو سرد سایہ دار اور ہوادار جگہ میں پھیلا دو جب سوکھ جاوے تب کاغذوں میں لپیٹ کر محفوظ رکھو جس وقت ضرورت ہو پانی میں بھگو کر ترکر کے پھر پکاؤ۔

(۱۴۸) خمیر کو بہت عرصہ تک درست رکھنا

ایک تنگ تھیلے میں خمیر بھر کر تھیلے کا مونہہ خوب کس کر باندھ دو اور اوسے اسقدر دباؤ کہ تمام پانی نکل جاوے تب خمیر کو سخت کر کے خشک کرو جب استعمال کرنا ہو تب گرم پانی میں گھول کر گندھے میٹھا ہی اوس میں ڈال دیں۔

(۱۴۹) آنکھ کی برفی بنانا

مشکی آنکھوں کا رس نچوڑ کر برف میں ڈالکر جما لیا کریں۔ جب وہ سخت ہو کر جم جاوے تب اوسکی برفیاں کاٹ کر گرم لیں پہنا کریں اسی ترکیب سے آنکھ پاپڑ بنا لیتے ہیں جو بڑی لذیذ چیز ہوتی ہے۔

(۱۵۰) طوطا ٹیڑھا بنانیکی عمدہ ترکیب

طوطے پنجرے کے آگے آئینہ رکھ کر آپ پیچھے پردہ کر کے آپ بیٹھ جاوے تاکہ طوطے کو اپنا عکس آئینہ میں نظر آوے اور وہ سمجھے کہ کوئی دوسرا طوطا بیٹھا ہوا ہے تب آہستہ آہستہ اور صفائی سے ایک بات کو چند بار کہے طوطا سمجھے گا کہ سامنے والا طوطا بول رہا ہے اوس کے سبب خود بھی جلد بولنے لگیگا نیز اوس کی غذا کا خیال رکھے بادام کی گریاں قلمدار بسکٹ بسکٹ کی گولی اُبلے ہوئے آلو نہایت عمدہ غذا ہے۔

(۱۵۱) شراب کا نشہ چھڑا دینا

شراب میں چند بید ستر قند سے ملا کر دینے سے چند بار میں عادت چھوٹ جاتی ہے کیونکہ قے آکر دل خراب ہونے لگتا ہے اور سرور بالکل نہیں پیدا ہوتا اس لئے شرابی کا دل شراب سے نفرت کرتا ہے۔

(۱۵۲) زخم پستان

نشاستہ اور کیکر کے پتے جوش دیں اور اس میں قدرے سفید پھٹکری حل کر کے زخم کو اس دھویا کریں اور رال والی مرہم کا پھاہا لگایا کریں رال کی مرہم کا نسخہ دیگر اوغا میں دیکھو۔

(۱۵۳) سوجن دور کرنیکی دوا

بھیڑوں کی لید لکوہ کے عرق سے گھوٹ کر آگ پر گرم کریں۔ اور ورم پر لگا کر سینکیں جلد آرام ہو جاوے گا۔

(۱۵۴) دیگر

رتن جوت ایک تولہ۔ پوست ڈودھ ایک تولہ سجی ایک تولہ ہلدی ایک تولہ تیل تلوں کا پاؤ بھر پہلے تیل کو گرم کریں پھر اوس میں یہ سب ادویہ سا ڑ کر تیل کو شیشی میں بھر کر صاف صاف کر کے رکھیں۔ چوٹ اور ورم پر گرم کر کے مالش کریں۔ فوراً آرام ہوتا ہے

(۱۵۵) دیگر

انڈہ کی سفیدی میں چھ ماشہ گھوٹ کر چھان کر بطور سردالی یا مُنڈالی ملا دو اوسی دن خون بند ہو جاوے گا یا گیند مرے کے پھول اسی طرح گھوٹ کر چند روز پلاستر سے آرام ہو جاتا ہے۔

(۱۵۶) دیگر

اگر بواسیر بادی ہو تو بیسی کرمو اجتبا کو باریک پیس کر اور پانی ملا کر ریٹھے کے برابر گولیاں بنا لے ایک گولی بواسیر پر رکھ کر اوپر سے لنگوٹ کس کر باندھ لے رات بھر بندھی رہے صبح کو کھولدے چند روز کے استعمال سے بالکل آرام ہو جاوے گا۔

(۱۵۸) چھاتی کا دودھ بڑھانا

سفید زیرہ دودھ کے ساتھ پھانکنے اور چاول کھانے سے دودھ بکثرت بڑھ جاتا ہے۔

(۱۵۹) بھڑ کا ٹیکا علاج

نمک اور سرکہ ملا دو۔ دیا سلائی گھسدو مٹی کا تیل لگا دو۔

(۱۶۰) پشمینہ کو لال رنگنا

گرم کپڑے کو پہلے صابن اور ریٹھے سے خوب دھو کر صاف کرے پھر نیلا کا پاؤ دے پھر پانی میں قدرے تیزاب بنا کر پانی کھٹا بنا لے۔ اور ان میں کپڑا بھگو رکھے جب اس کھٹائی کا اثر کپڑے کے عام ریشوں میں ہو جاوے تب گرم کا لال رنگ۔ یا کوئی دوسرا رنگ مثلاً مجیٹھ یا پتنگ پانی میں پکا کر اور رنگ نکال کر اوس میں کپڑا ۱۲ گھنٹہ تک بھیگا پڑا رہنے دے بعد ازاں بغیر نچوڑے نکال کر سایہ دار اور ہوادار جگہ میں کسی شے پر پھیلا کر ڈالدے تاکہ فاضلہ پانی نکل کر رنگ چڑھ جاوے۔

(۱۶۱) ریشم کو پیلا رنگنا

ریشمی کپڑے کو ریٹھوں کے پانی سے صاف کر کے پھر پرسلینٹ آف آئرن کو پانی میں گھول کر اس میں ڈالدو۔ اور ایک

(۱۵۰) طوطا پڑھانیکی عمدہ ترکیب

طوطے کے پنجرے کے آگے آئینہ رکھے آئینہ کے پیچھے پردہ کر کے آپ بیٹھ جاوے تاکہ طوطے کو اپنا عکس آئینہ میں نظر آوے اور وہ سمجھے کہ کوئی دوسرا طوطا بیٹھا ہوا ہے تب آہستہ آہستہ اور صفائی سے ایک بات کو چند بار کہے طوطا سمجھے گا کہ سامنے والا طوطا بول رہا ہے اوس کے سبب خود بھی جلد بولنے لگیگا نیز اوس کی غذا کا خیال رکھے بادام کی گریاں قلمدرت بسکٹ بیس کی گولی اُبلے ہوئے آلو نہایت عمدہ غذا ہے۔

(۱۵۱) شراب کا نشہ چھڑا دینا

شراب میں چند بید مشک قدرے ملا کر دینے سے چند بار میں عادت چھوٹ جاتی ہے کیونکہ اس سے آکر دل خراب ہونے لگتا ہے اور سر درد بالکل نہیں پیدا ہوتا اس سے شرابی کا دل شراب سے نفرت کرتا ہے۔

(۱۵۲) زخم پستان

[illegible] اور کیکر کے پتے جوش دیں اور [illegible] میں قدرے سفید پیٹاری حل کر کے [illegible] اس دھویا کریں اور [illegible] لگایا کریں رسال کی مرہم کا [illegible] دیکھو۔

ایک گھنٹہ کے بعد نکالکر سادہ پانی میں اچھی صاف کرو۔ بعد ازاں ہیرو سیانو ڈ ایڈ آف، پوٹاش میں قدرے تیز آب گندک ملا کر پانی میں حل کرو اور اس میں ڈالدو۔ جب رنگ چڑھ جاوے۔ تب نچوڑ کر سایہ میں سکھالو۔

(۱۶۳) معمولی بکری کو مہاگنی بنانا

السی کا تیل دو پونڈ رتن جوت ۳۔ اونس دونوں کو ملا کر ۶ گھنٹہ تک نرم آگ پر پکاؤ پھر چھان کر اس میں اودیہ ذیل ملا دو۔ رال ۲۔ اونس، مرم ۲۔ اونس پس یہ ایک۔ نگیں بنجاویگا۔ جس کو لکڑی پر لگانے سے مہاگنی بنجاوے گی۔

(۱۶۴) دستانوں کو رنگنا

پہلے دستانوں کے مونہہ کو سی ڈالو تاکہ اندر کیطرف رنگ نہ جاوے پھر گرم پانی میں زعفران ڈالکر اوس کا رنگ نکال لو جب پانی زعفرانی ہو جاوے تب بذریعہ برش دا پنجے دستانوں کے اوپر رنگ لگاؤ۔ اور اسیحالت میں سایہ میں پھیلا کر سکھا لو۔

(۱۶۴) بکری کے بچے کے چمڑے کے دستانوں کو رنگنا

کوچینٹ شیریں پانی میں ۴ اونس نقرہ اور قدرے سفید پتھری ملا کر اس قدر پکاؤ کہ نصف پانی جل جاوے پس اس کو سرد کر کے پس بذریعہ برش دستانوں کے اوپر لگاؤ اور جب جذب ہو جاوے تب متواتر اس عمل کو کرو صرف دو بار برش کے ذریعہ رنگ لگانا کافی ہے پھر فاضل رنگ بذریعہ کپڑا اوپر ملدو جب حسب منشا رنگ ہو جاوے تب ایک انڈہ کی سفیدی کو اچھی طرح پھینٹ کر بذریعہ برش اوپر ملدیں اور سایہ میں سکھالیں۔

(۱۶۷) پینگ کا دنیعہ

سرخ کرنے منگا کو باریک پیسکر نورا بنالو اور جتنے گرین کے سوا خون پر تو کر

(۱۶۶) لاکھ کی بتی تیار کرنی

چپر ۱۲ پونڈ سب کو نرم آگ پر گلا کر ملا کر اور بتیاں بنالیں۔

(۱۶۷) لاکھ گلانے کا عمدہ طریقہ

ایک برتن میں پانی ڈالکر آگ پر رکھیں اور اسقدر گرم کریں کہ وہ کھولنے لگے اوس میں لاکھ ڈالدیں وہ گل جاوے گی کسی شے سے پکڑ کر جس قدر چاہیں باہر نکال لیں اور استعمال کریں اس ترکیب سے نہ تو لاکھ برتن میں چپک کر خراب ہوتی ہے اور نہ برتن کو خراب کرتی ہے۔

(۱۶۸) لاکھ کی بتیاں بنانا

لاکھ حسب طریقہ مذکورہ بالا گلا کر نرم کرو۔

پھر ایک لبنی سل کو تیل سے چپڑ کر چکنی کر لو۔ اور بزم شدہ لاکھ اوسپہ ڈالکر لکڑی سے بیل کر لمبی بتی بنالو۔ جس لکڑی سے بیلا کرتے ہیں۔ اوسکی شکل بالکل معماروں کی تھاپی کی سی ہوتی ہے۔

(۱۶۹) سمندر کا پانی مصنوعی تیار کرنا

پانی ایک گیلن معمولی نمک ۲۔ اونس میوری ایسٹ آف میگنشیا یعنے نمک کے تیزاب میں میگنیشا گلایا ہوا ۱/۴ اونس میوری ایٹ آف لایم ۳ ڈرام سلفیٹ آف سوڈا ایک ڈرام سب کو ملاکر حل کر لو۔ جہاں سمندر کے پانی کی ضرورت ہو اور وہ نہ مل سکے پورا اس کو استعمال کرو کہ اس میں سارے خاصتیں ہوتی ہیں۔

(۱۷۰) میلائیں صاف کرنا

ٹین کو تھوڑا سا گرم کرو اور نوشادر کا سفوف اوسپر چھڑک کر گودڑے ملدو تمام میلائیں صاف ہوکر بالکل نیا ہوجاوے گا

(۱۷۱) دیگر

سوڈا پانی میں گھول کر کلڑ ہا کرو اور میلے ٹین پر ملدو صاف ہوجاویگا۔

(۱۷۲) ہاتھ جل جانیکا عمدہ علاج

اگر ہاتھ جل جاویں تو آلو گھوٹ کر لگادو یا شہد لگادو یا خشک آٹے میں دبا دو یا شہد اوپر لگادو۔ نہ جلن ہوگی نہ چھالا پڑیگا

(۱۷۳) آگ نہ جلے

نوشادر اگر سپیکر آگ میں ڈالدیں۔ تو شعلہ نہ اوٹھیگا۔ صرف وہواں ہی وہوا ہوگا۔

(۱۷۴) دیگر

گھوڑے کا سم اور نمک ملاکر ڈالنے سے آگ جلد سرد ہوجاتی ہے۔ تیز گندھک ڈالدینے سے شعلہ جلد فرو ہوجاتا ہے کیونکہ گندھک ہوا کے آکسیجن گیس کو جذب کرلیتی ہے۔

(۱۷۵) بوتل میں آگ بھری معلوم دے

ایک بوتل میں روغن تارپین ڈالکر ایک ایک ٹکڑا انار فوس کا ڈالدو جب بوتل کو ہلاوگے تو اس میں آگ بھری ہوئی معلوم دے گی۔

(۱۷۶) انار کا پھول سفید ہوجاوے

سفید پھول انار کا ایک نادرت ہے اور بڑا ہی قیمتی ہوتا ہے مصنوعی طور پر اسکے بنانے کی ترکیب یہ ہے کہ انار کے پھول کو گندک کی دھونی دو سفید ہوجاویگا۔

(۱۷۷) گلاب کا پھول سفید اور پھر سرخ ہوجاتا ہے

گلاب کے سرخ پھول کو اگر گندک کا دھوان دیں تو یہ سفید ہوجاتا ہے اگر پھر گرکا دھواں دیں تو پتہ اصلی حالت

پر آجاوے۔

(۱۷۸) پارہ کا جماد ینا

ایک ہر میں ایک تولہ پارہ ۶ ماشہ نیلا تھوتھا ۶ سفوف اور پاؤ بھر پانی ڈالکر آگ پر چڑھا دیں۔ جب پانی سوکھ جاوے تو پارہ نکال کر کھرل میں ڈالکر نمک ملاکر رگڑیں۔ اور سرد پانی سے دھو دیں۔ چند بار کے عمل سے سفید و صاف اور سخت ہو جاوے گا۔

(۱۷۹) دیگر

چاندی کا کشتہ ایک تولہ پارہ ۷ تولہ لیموں کا عرق ۵ تولہ ڈال کھرل کریں جب پارہ سخت ہو جاویگا۔ تب نکالکر گولی بنالیں یہ گولی دودھ میں ڈال کر استعمال کر سکتے ہیں۔

(۱۸۰) دیگر

لوہے کا برادہ ڈیڑھ تولہ لوہے کے کڑچھے میں بچھا کر اس میں ۲ ماشہ گندھک کا سفوف بچھا دیں اوس پر دو تولہ پارہ رکھیں اسپر پھر ۳ ماشہ گندھک کا سفوف ڈالیں اسپر ڈیڑھ تولہ لوہے کا برادہ دیکر اوپر آدھ پاؤ یا ۵ تولہ تارہ سیرا کا تیل ڈالکر تلے نرم نرم آگ جلا دیں ایک گھنٹہ کے بعد تیل میں ذرہ ذرہ آگ لگا دیگی دیسلائی تم خود لگا دو جب تب اجزا سرکر راکھ ہو جاویں۔ تب پارہ نکال لو جو سرد ہو کر سخت ہو جاویگا۔

(۱۸۱) دیگر

ایک تولہ سرمہ باریک پیسکر اوسکے اندر ایک تولہ پارہ دیدو۔ اوپر قلمی شورہ ایک تولہ پیسکر دیکر اوسے آگ لگا دو کل اجزاء سڑکر پارہ سخت ہو کر رہجاویگا مگر سیاہ ہو گا۔

(۱۸۲) مصنوعی مونگا بنانا

سنکھیا سمندری گھونگے باریک پیس لو اور حسب رنگ اوس میں چینی سفید ہو۔ یا شنگرف ملاکر بھیڑ کے دودھ سے خوب رگڑو۔ اور سخت کر کے مونگے کی طرح دانے بناکر آگ پر سکھا لو

(۱۸۳) دیگر

مونگے کے چھوٹے چھوٹے دانے لاکر باریک کرلیں اور بھیڑ کے دودھ سے کھرل کر کے بڑے بڑے دانے بنالیں اور آگ پر سکھالیں بعض شخص اس میں سندرس کو ملاکر بناتے ہیں۔ مگر وہ مضبوط نہیں ہوتے۔ جلد ٹوٹ جاتے ہیں۔

(۱۸۴) لوہا جلد گلا دینا

لوہے کی سیخ کو آگ پر تپا کر سرخ کریں اور گندھک کی ڈلی اسپر گھس دیں تو وہ پانی کی مانند بہ جاویگا۔

(۱۸۵) دیگر

لوہے کا برادہ ہڑتال زرد کے سفوف سے ملا کر آگ پر گلا دیں رانگ کی طرح گل جاوے گا۔

(۱۸۶) دیگر

سنکھیا گاسم الفار ہر سہ ادویہ برابر وزن ملا کر شہد سے گولیاں بقدر مٹر بنالیں۔ لوہا کو ٹھالی میں ڈالکر آگ پر تپا دیں اور یہ گولیاں ڈالیں چند ہی عرصہ میں پانی ہو جاوے گا۔

(۱۸۷) اپنی جسم پر دوستوں کی تصویر بنانا

پہلے اپنے جسم پر کلوڈین کا لیپ کریں جب یہ خشکی کے قریب پہونچے تو جلاٹین کے لعاب کا لیپ اوس پر تین دفعہ کردیں جب یہ بھی سوکھ جاوے تب فولاد کا شیشہ جس پر تصویر چھاپنے کے لئے تیار کی ہو اوس پر رکھکر شیشہ کو دبا رکھیں۔ اور تھوڑی دیر دھوپ میں کھڑے رہیں۔ پھر اوپر سا شیشہ الگ کردیں تلے تصویر چھپی ہوئی ملیگی۔

(۱۸۸) ٹرانسفر لیچر بنانا یعنی دوسرے کاغذ پر اتر آنے والی تصویر

بازار میں اس قسم کی رنگدار تصویروں کے تختے بکا کرتے ہیں۔ جن کی تصویر کاٹ کر پانی سے گیلی کرکے الگ کسی دوسری جگہ چپکانے سے تصویر اتر آتی ہے۔ اس تصویر کے بنانے کی ترکیب یہ ہے کہ کاغذ پر جیلاٹین کا لعاب لگا کر سوکھا لیں اوس پر رنگین تصویر چھاپیں۔ تصویر کے اوپر گوند کا لعاب لگا دیں۔ پس جب چاہیں تصویر کو گیلا کرکے دوسرے کاغذ پر چپکا دیں۔ تصویر رگ جاوے گی اور کاغذ کورا باقی رہے جاوے گا۔

(۱۸۹) گل روغن بنانا

ایک بوتل میں گلاب کے پھول ڈال کر تلو نکا تیل اوپر ڈالدیں اور ۲ ہفتہ دھوپ دکھلادیں جب پھول زرد ہو جاویں۔ نکال ڈالیں اور تازہ اور بھر لیں۔ اسی طرح ۳ دفعہ کریں عمدہ گل روغن تیار ہو جاوے گا۔

(۱۹۰) ناریل کا خوشبودار تیل بنانا

چلنے پھرنے سے بہت سی امراض مہلک لاحق ہو جاتی ہیں۔ اگر پیاز کی ایک گرہ کھا کر اوپر سے چند گھونٹ پانی پی لیں تو نہ پیاس ستاوے گی اور نہ دھوپ کی تیزی معلوم ہوگی۔ نیز گردن کان اور ناک کو موٹے اور بھاری کپڑے سے ڈھانپ کر رکھیں کیونکہ یہی نازک مقام ہیں۔ اور انہی کو سردی گرمی جلد لگ جاتی ہے۔

(۴۰۹) لالٹین کے آئینوں کو صاف کرنا

کھڑیا مٹی پانی میں گھول کر خراب آئینوں کو ملدیں۔ جب سوکھ جاوے تب برش کے ذریعہ یا کپڑے سے جھاڑ دیں۔ اور سوکھے کپڑے سے کھلے پانی میں اوسے دھو کر صاف کریں۔

(۴۱۰) کھانا سڑنے نہ پاوے

اگر برف میں دبا دیں یا سرد اور ہوادار مکان میں رکھدیں تو خراب نہیں ہوتا۔ اگر گرمی کی حرارت سے خراب ہونے والا ہو تو اوسے خفیف سا اور جوش دے دو مگر بار بار جوش دینا مناسب نہیں۔ سردیوں میں ایک رات کا پکا ہوا کئی روز تک خراب نہیں ہوتا۔ اگر زیادہ گھی ڈالیں اور گھی ہی کے اندر روٹی کو خراب رکھیں تو بھی خراب نہیں ہوتا۔

(۴۱۱) مچھلی کا کانٹا گلانا۔

بگلہ جانور کی ہڈیاں اگر پکتی ہانڈی میں پیس کر ڈالدیں تو کانٹا فوراً گل جاتا ہے یا اگر سہاگا سفوف کر کے قدرے تیزاب میں خمیر کریں یا نہ بھی کریں اور کانٹے پر لگا کر مونہہ بند پکا دیں تو بھی کانٹا گل جاتا ہے۔

(۴۱۲) بادشاہ پسند دال کی ایک خاص ترکیب

آدھ سیر ارہر کی دال پکانے سے ۳-۴ گھنٹے پہلے گرم پانی میں بھگو دیں پھر گھی ہنڈیا میں ڈالکر نمک مرچ مصالحہ ملا کر خوب اچھی طرح بھونے جب مصالحہ بن چکے تب دال اوس میں ڈالکر بھونے اور تھوڑا تھوڑا گرم پانی ملا کر پکاوے جب گلنے کے قریب پہونچے تب آدھ سیر دہی گھوٹ کر ڈالے اور بھونے جب یہ بھی ملجاوے تب تین چار پھانکے امچور کی گھوٹ کر ڈالے پھر گھی کا چھونک لگا کر اتارے اور ارہر کی دال میں جتنا زیادہ گھی اور گھٹا دہی ڈالو گے اوتنی ہی عمدہ بنے گی۔

(۴۱۳) انگریزی تحریر مٹادینے کی ترکیب

تحریر پر پہلے سانیاد پوتاش خوب اچھی طرح گھسو اور پھر اگزالک ایسڈ گھس دو تو تحریر کم ہو جاوے گی۔

(۴۱۴) چوتے ہوئے حقہ کو درست کرنا

سوم کو گرم کر کے اگر حقہ کے اندر چاروں

طرف ڈالدیں تو وہ درزوں میں بیٹھ کر
بند کر دیتی ہے۔

۴۱۵۔ اگر دودھ پتلا ہو تو پھر چائے کس طرح بنائیں

ایک پیالہ بھر چائے کے لئے ایک پیڑا کافی ہے
توڑ کر گرم چائے میں ڈالکر گھولدو دودھ
والی چائے کا مزا آجاوے گا۔

(۴۱۶) تحریر کیلئے سونا حل کرنا

سفید شہد بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر لگا کر اوپر
سونے کا ورق رکھیں اور دہنے ہاتھ کی
انگلی سے خوب ملیں ورق حل ہو جاویگا
پھر دوسرا ورق اسیطرح حل کریں۔ الغرض
شہد لگا لگا کر اسی طرح ورق حل کرلیں۔ اور
پھر ہاتھوں کو چینی کے برتن میں دھو کر
اوپر سے میلا اور شہد والا پانی چند بار دھو کر
نکال ڈالیں حل شدہ سونا تلے رہجاویگا
اوس کو کام میں لاویں۔ خواہ لعاب صمغ
عربی میں ملا کر لکھیں۔

۴۱۷۔ پورانی چٹھی نقل کرنیکا طریق

اب تو فوٹو کے ذریعہ پختہ نقل اتار لیتے
ہیں۔ لیکن قدیمی ترکیب یہ ہے۔ کہ نائیٹرو
ٹلورک ایسڈ ایک تولہ پانی ۱۲ حصہ ملا کر
ایک سلوشن بنالیں اور ایک سادہ کاغذ
جس پر نقل لینی ہو اس مرکب میں تر کریں
پھر اوس تحریر کے اوپر یہ تر شدہ کاغذ رکھکر
پریس میں اچھی طرح دبا دیں نقل اوس پر
آجاویگی۔ اگر نوشادر محلول آب اس پر
لگایا جاوے گا تو تحریر زیادہ نمایاں
ہو جاوے گی۔

۴۱۸۔ ضعف دماغ کا عمدہ علاج

کشتہ فولاد کھاویں۔ منغز حیوانات استعمال
کریں۔ پستہ مال کنگنی کے مرکب تیل کو
سر پر لگاویں۔ اطریفل کسیتر کھاویں۔

۴۱۹۔ پیٹھے کی بڑیاں بنانا

ماش کی دال کو پیسکر پیٹھی بنالو اور پیٹھے
کا گوداوس میں ملا کر دوبارہ گھوٹ ڈالو۔
تب سوائے لونگ کے گرم مصالحہ اور
نمک اور ثابت کالی مرچیں ملا کر ہاتھ سے
بڑیاں کاٹ کر چٹائی پر پھیلا کر سکھالو
سیر بھر پیٹھی میں ۷ تولہ سیاہ مرچ اور ۵ تولہ
گرم مصالحہ اور ۳ پاؤ پیٹھے کا کدو کش کیا
ہوا اور گھوٹا ہوا گودا کافی ہوا کرتا ہے

۴۲۰۔ کشمیری بڑی کا نسخہ

پیٹھی دال ماس ایک سیر لہسن ۳ تولہ پیاز
آدھ پاؤ۔ ادرک ۵ تولہ مرچ سیاہ ۲ تولہ
گرم مصالحہ ایک تولہ کچری ۶ ماشہ ابجیر
دلائچی ۷ عدد پودینہ ۶ ماشہ دھنیاں ۳ تولہ
لال مرچ ۲ تولہ جائفل جاوتری ہر ایک ۳ ماشہ
دار چینی ۳ ماشہ میتھی خوشبودار ۲ تولہ پیٹھے کا
گودا گھوٹا ہوا پاؤ بھر پیٹھی کو گوندھ کر تین
دن اور رات رکھ چھوڑو کہ خمیر اوٹھ آوے

تب باقی کل اجزا ملا کر خوب اچھی طرح گھوٹ ڈالیں۔ اور بڑی بڑی بڑیاں بنالیں دراصل یہ بڑی خود پکا کر کھانے کے لئے نہیں ہوتی۔ بلکہ دوسری بڑیوں میں تھوڑی سی ڈالکر خوشبو کرنے کے لیے ہوتی ہیں۔

۴۲۱۔ تصویر دل کے سنہری چوکٹے

سفید سریش کا پتلا لعاب مذریعہ برش چوکٹہ پر لگادیں۔ جب وہ سوکھنے کے قریب ہو تو اوسپر پلاسٹر آف پیرس یعنی مکول پتھر کا باریک سفوف سپیدہ کی طرح بنایا ہوا مذریعہ برش لگادیں جب یہ سوکھ کر پختہ ہو جاوے تو اوسے پھر پانی کے پوچارے سے گیلا کریں۔ اور اکسائیڈ آف مرکری یعنی پارہ کا کشتہ پانی میں گھول کر مذریعہ برش اوپر لگادیں۔ جب سوکھ جاویں تو اوپر سے گھوٹ ڈالیں یا وارنش کردیں۔

۴۲۲ چوکٹوں پر نقش بنانے

جس قسم کے بیل بوٹے اور نقش بنانے ہوں اون کے ٹھپے پیتل یا تانبے کے بنوالو۔ اور جس وقت کھڑیا پلاسٹر آف پیرس خمیر وشدہ چوکٹہ پر لگا چکو تب یہ ٹھپے اوپر رکھکر دبادو کہ خمیر کے اندر دھس جاویں پس بیل بوٹے بنجاویں گے۔

۴۲۳۔ دہی کی بڑیاں

پہلے دہی کا پنیر بنالیں پھر پنیر میں نمک مرچ مصالحہ ڈالکر گھی میں تل لیں۔ اور پھر بڑیوں کی طرح بھون لیں۔

۴۲۴۔ شب دیگ پکانی

شلغم ثابت چھیل کر پانی میں اوبال لو کہ نرمی پکڑ جاویں تب گھی میں اچھی طرح بھون لو کہ سرخ ہو جاویں پھر دہی ڈالکر دوبارہ بھون لو بعد ازاں وہ پانی جو پہلے اوبالنے وقت نکالا گیا تھا اوس میں ڈالکر دیگ کا موہنہ آٹے سے بند کر کے رات بھر پھر نرم آگ پر پکنے دو صبح موہنہ کھولکر گھی کا بگھار لگا دو اگر گرم مصالحہ ڈالدو اگر دس سیر شلغم ہوں تو من بھر پانی ۳ سیر گھی اور ۳ سیر دہی کافی ہوا کرتا ہے۔

۴۲۵۔ کریلہ کی کڑواہٹ دور کرنی

کریلوں کو اسقدر چھیلو کہ اون کا جسم صاف نکل آوے اور تمام اوبھرے ہوئے کانٹے چھل جاویں۔ تب نمک لگا کر دھوپ میں رکھدو کہ کڑوا پانی تمام نکل جاوے بعد ازاں سادہ پانی سے چند بار دھو کر صاف کرلو۔ اور بھون کر پکاؤ۔

۴۲۶ فائق کھیر

یہ سب کھیروں سے اعلےٰ ہے گھی چاول

آدھ پاؤ۔ دودھ دو سیر مغز بادام ۱۰ تولہ
مغز بادام کو دودھ میں گھوٹ کر چھان
لیں تب چاولوں کو ایک گھنٹہ پہلے پانی
میں بھگو کر نرم کرلیں اور گھوٹ کر دودھ
میں ڈالکر پکادیں۔ جب گل جاویں تو اس
قدر گھوٹیں کہ دانہ کا نشان نہ رہے تب
گھی کا بگھار لگاکر کھانڈ ملادیں اور اوپر
دودھ ڈالکر استعمال کریں۔

۴۲۷۔ نقلی پارچہ بنانیکی ترکیب

ایک برتن میں پانی ڈالکر چند قطرے
گندک کے تیزاب کے ڈالدو اور سفید دبیز
کاغذ اس میں ایک منٹ تک بھیگا رکھکر
پھر نوشادر کے پانی میں ڈالدو۔

۴۲۸۔ پورانی کھانسی کا عجیب علاج

پاؤ بھر پسا ہوا نمک ۲ تولہ نوشادر کی ڈلی
نیچے اور پردیگر ایک کڑاہی یا توہ پر رکھکر
اوپر مٹی کا پیالہ اوندھا دیں۔ اور نیچے تیز
آگ ۴ گھنٹہ تک جلاویں۔ پھر سرد کرکے
نکال لیں نوشادر سفید ہوگیا ہوگا۔ ہر روز
۴ رتی سے ایک ماشہ تک کھادیں ہر قسم
کی پورانی کھانسی کو سفید جڑ اکسیر ہے۔

۴۲۹۔ لیمو نکا رس مدت تک خراب نہوں

لیموں کا رس نکالکر بوتل میں ڈالیں اور
اوپر روغن بادام یا تلوں کے تیل ایک تولہ
ڈالدیں کہ بوتل کے گردنہ کے برابر روغن رہے

رہے تب مضبوط کاگ لگاکر بوتل کو
سرد پانی میں ایک گھنٹہ پڑا رہنے دیں۔
رتوں تک عرق خراب نہ ہوگا۔

۴۳۰ طریق دیگر

لیموں کے رس میں قدرے نمک ملادیں۔
ایک بوتل کے لئے ۶ ماشہ نمک کافی ہے۔

۴۳۱۔ ایکھ کی رس خراب نہ ہو

اگر دور سے ایکھ کی رس لانی ہو اور یہ
خیال ہو کہ یہ تازہ رہے اور خراب نہ ہو
تو اس کے اندر ایک چند ٹکڑی ڈالدو۔

۴۳۲۔ آک کا دودھ عرصہ تک خراب نہو

آک کے دودھ میں نمک ڈالکر کئی ماہ تک
درست رہیگا۔ فی سیر دودھ میں ۵ تولہ
نمک کافی ہے۔

۴۳۳۔ موم میں رنگدنیے کی ترکیب

موم کے ہر قسم کے کھلونے اور پھول پتی
بناتے ہیں اوس کو گرم کرکے جو نسا رنگ
چاہو ڈالدیں رنگین ہوجاوے گی

۴۳۴۔ روغنی کاغذ بنا جو نہایت خوشنما ہوتا ہے

برورہ خشک آگ پر گلاکر اوس میں سبز رنگ
اور نیلا رنگ ملاکر سکھالیں استعمال کے
وقت باریک ململ کی پوٹلی میں باندھ لیں
اور انگیٹھی پر مٹی کا ٹھیکرہ یا توہ رکھکر اوسے
گرم کریں۔ اوپر کاغذ رکھیں یا رانگ کا ورق
رکھیں جب وہ گرم ہوجاویں تو پوٹلی اوپر سے

پھیرنی شروع کریں حرارت سے پگھل کر روغن
نہایت خوبصورت کاغذ اور ورق پر چڑھتا
جاوے گا۔

۴۳۵) چمڑے پر ولایتی سیاہ وارنش
السی کا تیل لعابدار پکا کر وارنش بناویں اور
اس میں کاجل اور پرشین بلو یعنی نیل ملا کر
خوب گھوٹ لیں کہ ایک خوبصورت
بلو بلیک وارنش بجاوے تب چمڑا چھانٹ
سے کھرچ کر صاف کر کے اوپر وارنش لگاویں
جب سوکھ جاوے تب دو پارہ لگاویں۔
اوسی طرح ۳-۴ بار لگانے سے عمدہ
وارنش ہو جاوے گا۔

۴۳۶) فرنی پکانے کی ترکیب
چاول ۵ آنا آدھ پاؤ دودھ ۴ سیر دونوں
کو ملا کر نرم نرم آگ پر پکاؤ اور برابر گھوٹتے
جاؤ۔ کہ گلمنیاں پڑ جاویں۔ تب حسب
ذیقہ میٹھا ملا کر رکابیوں میں بھر دو۔ جب
سرد ہو جاویں۔ تب اوپر کشمش اور پستہ
وغیرہ لگا دو۔

۴۳۷) کانجی بنانا
۴ سیر پانی پکا کر اوس میں نمک مرچ
بقدر ذیقہ ملا کر ۴ تولہ کچی ہوئی رائی ملاویں
اور اس میں بوتلیاں ڈالکر اتنے روز رہنے دیں
کہ پانی کھٹا ہو جاوے تب استعمال
کریں۔

۴۳۸) نہ جلنے والا کاغذ بنانا
سفید پھٹکری اور نمک برابر پانی میں
حل کر کے اوس میں کاغذ ڈبو دیں
اور ادہ گھنٹہ کے بعد نکالکر سکھالیں
تو چراغ کی لو پر یہ کاغذ نہیں جلیگا۔

۴۳۹) برساتی بنانیکی ترکیب
تارپین کے تیل کو کسی برتن میں ڈالکر آگ
پر گرم کریں اور اوس میں ربڑ ڈالدیں
وہ تھوڑے عرصہ میں گل کر لعاب سا
بجاوے گا۔ پس بذریعہ برش اوس کو
کپڑے پر لگاوے اس طرح ۳-۴ کانے
سے عمدہ برساتی بنجاتی ہے

۴۴۰) طرح طرح کی چیزیں
اگر ترشی وہی میں برادہ ملا کر رکھدیں
تو نیلہ تھوتھا بنجاوے گا اور اگر لوہے کو
اسی طرح کریں تو ہیرا کسیس بنجاوے گا
اور اگر سیسہ کو کریں تو اوسکا سفید بنجاویگا

۴۴۱) جرمن کا ایک عمدہ نسخہ
۱ بنا دو حصہ جست ایک حصہ نکل ایک حصہ مس
ملا کر پگلاؤ۔

۴۴۲) کانچ جوڑنیکا ایک عجیب شفا خانہ سیمنٹ
پھٹکری کو سپرٹ آف وائن
کا لو جب گل کر سفید لعابہ بنجاوے تو

ارس سے کانچ کو جوڑو جوڑے معلوم ہو جاوے گا

(۴۴۳) **نظر نہ آنیوالی سیاہی** آک کے دودھ سے لکھیں پڑھا نہ جاویگا۔ نوشادر کو پانی میں گھول کر اوس سے لکھیں پڑھا نہ جاویگا آگ دکھا دیں۔ زرد نمایاں ہوگا۔ چونہ کے پانی سے لکھیں پڑھا نہ جاوے گا۔ پانی میں ڈالدیں سفید نمایاں ہوگا۔ سخت چربی سے سفید کاغذ پر لکھیں پڑھا نہ جاویگا پانی میں ڈالدیں سفید نمایاں ہوگا۔

(۴۴۴) **جل زیرہ ہاضم** پاؤ بھر امچور پانی میں اچھی طرح گھوٹ ڈالو پھر چھان کر ۵ سیر پانی میں ڈالدو پھر زیرہ سفید و سیاہ ہر ایک ۲ ماشہ نمک ۵ تولہ مرچ سیاہ ایک تولہ الائچی ۶ ماشہ ان سب اجزاء کو کوٹ کر ملا دو اگر چاہو تو ایک ماشہ سینگ بھی ڈالدو یہ پانی روز کا روز تازہ بنانا چاہئے۔ دوسرے روز خراب ہو جایا کرتا ہے

(۴۴۵) **جسم کا رنگ گورا کرنیکی ترکیب** بڑ کا آٹا ایک سیر ہلدی پسی ہوئی ۵ تولہ تیل کڑوا ۵ تولہ سب کو ملا پانی سے خمیر کر ڈالو اوسکو بدن پر ملنے سے چند روز میں تمام میل چھٹ کر بدن کی جلد گوری نکل آتی ہے۔

(۴۴۶) **دیگر**۔ گندک کو پیکر سفوف کر لیں اور دودھ نیم کر کے اوس میں یہ سفوف ڈالدیں پھر اوپر سے مقطر دودھ لیکر اوبٹن کے اجزا میں ملا کر بدن پر ملنے سے جلد نرم اور صاف نکل آتی ہے۔

(۴۴۷) **لوہا تانبا نامعلوم دے** لوہے کی تختے پر کھٹائی ملکر اگر نیلا تھوتھا ملیں تو تانبا کی رنگت ہو جاویگی۔

(۴۴۸) **سوراخ مٹانیکی ترکیب** کیرے کو صابن سے دھو کر اگر بھٹکری کے پانی میں تر کریں۔ تو چند عرصہ میں سوراخ بند ہو جاتے ہیں۔ جسکی وجہ یہ ہے کہ سکڑ جاتے ہیں۔

(۴۴۹) **سرخ تانبا مثل یاقوت** چپرالاکھ اور سہاگا بورہ دونوں ہموزن ملا کر سفوف کر لیں تانبا گلا کر اوس کی چٹکیاں دیں۔ تانبا سرخ مثل یاقوت ہو جاوے گا۔

(۴۵۰) **دیگر**۔ ۱۱ حصہ تانبا گلا کر اوس میں ایک حصہ جست ملا دیں۔ نہایت سرخ ہو جاوے گا۔

(۴۵۱) **ایک عمدہ چٹنی**۔ نمک ایک تولہ سیاہ مرچ ایک تولہ امچور ۴ تولہ ہینگ چھلا ۳ ایک تولہ کھانڈ دس تولہ سب کو کوٹ کر پانی سے گھوٹ ڈالیں عمدہ اور عجیب چٹنی

بنجاوے گی

۴۵۲۔ انب کا عمدہ اچار

موٹے اور گدرائے ہوئے آنبوں کو چیر کر پھانک یا ۴ پھانک کر لو۔ اور اون میں ذیل کا صالحہ بھر کر کسی برتن میں ڈالکر ۳ روز تک رکھ چھوڑو جب کھٹائی پیدا ہو جاوے تب اسقدر تیل ڈالے کہ ایک یا دو انگل اوپر تک آجاوے تب دو چار روز کے بعد استعمال کرو۔ مصالحہ یہ ہے سونف ۲ تولہ کلونجی ایک تولہ میتھی ایک تولہ۔ تینوں کو ملا کر بھر دو۔ نمک مرچ بقدر ذائقہ ہلدی بقدر رنگت۔

۴۵۳۔ دیگر لوازمات

انبوں کے اچار کے اندر لہسن ثابت مرچیں کریلے ڈیلے وغیرہ اچار بھی ڈالدیتے ہیں تو اون کا اچار بھی تیار ہو جاتا ہے۔

۴۵۴۔ پائپ جوڑ ٹپکی ایک عجیب ترکیب

ان کو پھیلکر اس قدر گھوٹیں کہ دو لعابدار ہو جاوے تب پائپ کے ٹکڑوں پر لگا کر جوڑ ملاوے اگر انڈہ کی سفیدی میں قدرے وارنش ملا کر لگادیں تب بھی پختہ جوڑ لگتا ہے۔

۴۵۵۔ پارہ جانے کی ترکیب

نیلہ تھوتھا باریک پیسکر دو تولہ ایک مٹی کے کڑاہی میں رکھیں اور ایک تولہ پارہ اس کے اندر دیکر اوپر پانی ڈالدیں اور آگ پر اتنی دیر پکاویں کہ پانی جلکر تھوڑا سا رہجاوے تب نکالکر چند پارہ سیاہ پانی سے دھو ڈالیں کہ ملوتھیا کی لاگ نکل جاوے تب چوپایہ گٹکا یا پیالہ یا مٹکا بنالیں سرد ہو کر چند روز میں سخت ہو جاوے گا۔

۴۵۶۔ (۱) طریق دیگر عمدہ

چاندی کا کشتہ ۲ ماشہ پارہ ایک تولہ دونوں کو کھرل میں ڈالکر لیموں کے عرق سے کھرل کریں جب گولی کے لائق ہو جاویں تب گولی باندھ لیں۔

۴۵۶۔ دیگر۔ پارہ کسیقدر کڑاہی میں ڈالکر آگ پر رکھیں۔ اور اسپر نمک پیسکر ڈالدیں تب بوی کا تنگھی کا عرق نکالکر جو ہاویں دو پہر کے بعد سرد کر کے اندر سے پارہ نکال لیں چند روز کی سردی ہوا کھا کر وہ بھی پھیکی مائند ہو جاوے گا۔

۴۵۸۔ گاجروں کا عمدہ اچار

گاجروں کو کاٹ کر خواہ ہلکا سا جوش دیلو۔ خواہ کچا رہنے دو۔ اگر جلد اچار بنانا ہو تو جوش دے لو ورنہ کچا رہنے دو۔ پس اونکو ایک برتن میں ڈالکر نمک مرچ ملا کر نی سیر گاجروں میں ۲ تولہ رائی ڈالدو وہ تین چار روز کے بعد جب ان میں کھٹاس پیدا ہو جاوے تب تھوڑا سا پانی اور ڈالدو تب تین چار اور گذرنے پر یہ بھی اچھی طرح کھٹا ہو جاوے تب استعمال کرو۔

۴۵۹ - طریق دیگر - گاجر ونکو ہلکا سا جوش دیر اون کا پانی الگ کر لو۔ پھر نمک مرچ اور رائی ملا کر دوسرے روز دہی کا پانی ڈالکر تین چار روز پڑا رہنے دو جب کھٹا ہو جاوے تب استعمال میں لاؤ۔

۴۶۰ ہر قسم کا مربّہ بنانا

ہر قسم کے مربہ بنانے کی عمدہ اور عام ترکیب یہ ہے کہ کھانڈ کی ایک تار چاشنی بنا کر شئے مطلوب کو ابالکر اور بچوڑ کر اس چاشنی کو دیکھو اگر وہ پتلی ہو گئی ہو تو اوسے پھر پکا کر سخت کر لو۔

۴۶۱ ریگمال کاغذ یا کپڑا تیار کرنا

دبیز کاغذ یا رومال پر سریش کا لعاب لگا کر گیلے گیلے پر باریک سفید پسا ہوا کانچ لگا دیں سوکھ کر ریگمال بنجاوے کاس سے لکڑی وغیرہ صاف کیجاتی ہے۔

(۴۶۲) پتنگ کیلئے ایک عجیب مانجھا

باریک پسا ہوا کانچ ۴ حصہ لو ہے چون باریک ایک حصہ گیہوں کا تازہ خون میں ملا کر خمیر بنا لیں۔ اور ڈور پر لگا دیں سوکھنے پر نہایت عمدہ مضبوط اور تیز مانجھا بنجاویگا۔

۴۶۳) بیج کے لئے عمدہ آلو تیار کرنا

سادہ پانی کو آگ پر جوش دو۔ جب ابال آجاوے تب کسی شیشے کے برتن میں ڈالکر اوس میں اتنے آلو ڈالدو کہ ڈوب رہیں جب پانی سرد ہو جاوے تب آلو نکالکر کسی تختہ پر پھیلا کر زمین سے اونچی سرد جگہ اور ہوادار مکان میں رکھدو۔

۴۶۴ - گیس روشنی بنانیکی ترکیب

ی برتن میں معمولی کوئلے بھر کر موہنہ بند کر دو اور ایک طرف چھید میں لمبی نلکی لگا کر نلکی کو بوتل میں لگا دو اب کوئلوں والا برتن آگ پر رکھدو۔ اور بوتل سرد پانی میں رکھو۔ برتن کے تلے آگ جلاؤ تو کوئلوں میں گیس نکل کر بوتل میں جمع ہو جاوے گی۔ کاگ لگا کر رکھو جب استعمال کرنا ہو تب کسی برتن میں بھر کر آگ لگا دو جلتی رہیگی۔

۴۶۵ - دیگر جست کو آگ پر گلاؤ جب گلجاوے تب گندک کے سفوف کی پچکیاں اوسپر دو جب وہ گشتہ ہو جاوے تب سرد کر کے کوٹ لو۔ اوس میں نصف وزن کا کلوریٹ آف پوٹاش ملا دو۔ اس خشک دوا کو بوتل میں بند رکھو۔ نمی اور ہوا سے محفوظ رکھو جب ضرورت ہو تو ایک برتن میں ڈالکر اوس میں چند قطرے پانی کے ڈالدو۔ جسکے پڑتے ہی اوس میں سے گیس نکلنی شروع ہو جاوے گی۔ اگر اوس دیا سلائی کا شعلہ دکھاویں تو فوراً آگ لگجاویگی

۴۶۶ - موہنہ پر ملنے کا پوڈر

نشاستہ باریک پسا ہوا آدھ سیر بہوں کا

تیل ۲۵ بوند نوندر کا تیل ۱۲ بوند ار
باریک کیا ہوا ۱ تولہ برگموٹ کا تیل
سب کو ملا کر خوب کھرل کریں اور کسی
برتن میں چھان لیں۔

۴۶۷ - دیگر - سیپ کو جلا کر
اور باریک پیسکر سفوف بنالیں
شنگرف بقدر ضرورت ملا کر رنگ
یہی وہ پوڈر ہے جسکو تھیٹر و
پر ملتے ہیں۔

۴۶۸) ہتھیار وں کی دھار
اکسائیڈ آف ٹن یعنے قلعی ک
کے تیزاب سے تیزاب سے
۲ تولہ ایگزیلک ایسڈ ۷ ما
ملا کر لعاب گوند میں ملا دیں
ٹکڑے پر لگا کر سکھا لیں
رگڑنے سے مجلتے اور چمکیلے

۴۶۹ - جربان کی لا
دیسی کالے پہنے ایک ل
دودھ میں تر کر کے صبح ک
کر کے کھا جاوے اسہیط
بالکل آرام ہو جاوے گ

۴۷۰ - شورہ جما
زمین شور کو لیکے کلکر کو
اوپر سے مقطر لے لو
چھینکدو اس مقطر کو بک

۴۵۹۔ طریق دیگر۔ گاجر و نکو ہلکا سا جوش دیکر اون کا پانی الگ کر لو۔ پھر نمک مرچ اور رائی ملا کر دوسرے روز دہی کا پانی ڈالکر تین چار روز پڑا رہنے دو۔ جب کھٹا ہو جاوے تب استعمال میں لاؤ۔

۴۶۰۔ ہر قسم کا مربہ بنانا

ہر قسم کے مربہ بنانے کی عمدہ اور عام ترکیب یہ ہے کہ کھانڈ کی ایک تار چاشنی بنا کر شئے مطلوب کو ابالکر اور بچوڑ کر اوس چاشنی کو دیکھو اگر وہ پتلی ہو گئی ہو تو اوسے پھر پکا کر سخت کر لو۔

۴۶۱۔ ریحمال کاغذ یا کپڑا تیار کرنا

دبیز کاغذ یا رومال پر سریش کا آب لگا کر گیلے گیلے پر باریک سفید پسا ہوا کانچ لگا دیں سوکھ کر ریحمال ہو جاوے کاس سے لکڑی وغیرہ صاف کیجاتی ہے۔

(۴۶۲) پتنگ کیلئے ایک عجیب مانجھا

باریک پسا ہوا کانچ ۴ حصہ لو ہے چون باریک ایک حصہ گیہو کا تازہ خون میں ملا کر خمیر بنالیں۔ اور ڈور پر لگا دیں سوکھنے نہایت عمدہ مضبوط اور تیز مانجھا تیار ہوگا۔

۴۶۳۔ بیج کے لئے عمدہ آکو نار رکھنا

سادہ پانی کو آگ پر جوش دو۔ جب ابال آجاوے تب اسی کے برتن میں ڈالکر اوس میں اسقدر آکو ڈالدو کہ ڈوبے رہیں جب پانی سرد ہو جاوے تب آکو نکالکر کسی تختہ پر پھیلا کر زمین سے اونچی سرد جگہ اور ہوادار مکان میں رکھدو۔

۴۶۴۔ گیس روشنی بنانیکی ترکیب

ی برتن میں حسولی کوئلے بھر کر موبھہ بند کر دو اور ایک طرف جھید میں لمبی نلکی لگا کر نلکی کو بوتل میں لگا دو اب کوئلوں والا برتن آگ پر رکھدو۔ اور بوتل سرد پانی میں رکھو۔ برتن کے تلے آگ جلاؤ۔ تو کوئلوں میں گیس نکل کر بوتل میں جمع ہو جاوے گی۔ کاگ لگا کر رکھو جب استعمال کرنا ہو تب کسی برتن میں بھر کر آگ لگا دو جلتی رہیگی۔

۴۶۵۔ دیگر جست کو آگ پر گلاؤ جب گلجاوے تب گندک کے سفوف کی پھکیا اوسپر دو جب وہ گشتہ ہو جاوے تب سرد کر کے کوٹ لو۔ اوس میں نصف وزن کا کلوریٹ آف پوٹاش ملا دو۔ اس خشک دوا کو بوتل میں بند رکھو۔ نمی اور ہوا سے محفوظ رکھو جب ضرورت ہو تو ایک برتن میں ڈالکر اوس میں چند قطرے پانی کے ڈالدو۔ جسکے پڑتے ہی اوس میں سے گیس نکلنی شروع ہو جاوے گی۔ اگر اوس کو دیا سلائی کا شعلہ دکھا دیں تو فوراً آگ لگ جاویگی

۴۶۶۔ مربہ پر ملنے کا پوڈر

نشاستہ ۱ حصہ ایک پسا ہوا آدھ حصہ پھٹکری کا

تیل ۲۵ بوند لونڈ کا تیل ۱۲ بوند ارارروٹ باریک کیا ہوا ۱۰ تولہ برگموٹ کا تیل ۵۰ بوند سب کو ملاکر خوب کھرل کریں اور کسی چینی کے برتن میں چھان لیں۔

۴۶۷۔ **دیگر**۔ سیپ کو جلاکر راکھ کرلیں اور باریک پیسکر سفوف بنالیں پھر اس میں شنگرف بقدر ضرورت ملاکر رنگین بنالیں یہی وہ پوڈر ہے جسکو تھیٹر والے مونہہ پر ملتے ہیں۔

۴۶۸) **ہتھیاروں کی دھار بنانیکی ترکیب**

اکسایڈ آف ٹن یعنے قلعی کا کشتہ جو شورہ کے تیزاب سے تیزاب سے بنایا گیا ہو ۲ تولہ ایگزیلک ایسڈ ۱ ماشہ دونوں کو ملاکر لعاب لونڈ میں ملاویں اور پھر لیجے ٹکڑے پر لگاکر سکھالیں۔ اوسپر اوزار رگڑنے سے مجلتے اور چمکیلے ہوجاتے ہیں۔

۴۶۹۔ **جریان کی لاثانی دوائی**

دیسی کالے چنے ایک تولہ لیکر رات کو دودھ میں تر کرکے صبح کو نکالکر چھالکا دور کرکے کھاجاوے اسیطرح ۱۱ روز کرے بالکل آرام ہوجاوے گا۔

۴۷۰۔ **شورہ جمانے کی ترکیب**

زمین شورہ لیجے نکالکر پانی میں گھولکر اوپر سے مقطر لے تلے سے سبھی الگ بھبکہ میں اس مقطر کو لیکر صاف اور سرد جگہ ڈالدو تھوڑی دیر میں شورہ کی قلمیں بنجاویں گی۔

۴۷۱۔ **حال کے لکھے ہوئے کاغذ کو بہت دن کا لکھا ہوا بنانا**

کھریا مٹی اور کوئلوں کی راکھ برابر وزن لیکر قدرے پانی میں گھولدیں۔ اور پھر پانی کا مقطر کسی چینی کے برتن میں ڈالیں سلائی سے کاغذ پر لکھکر سکھاکر کاغذ کو اس پانی میں ڈبادیں۔ اور نکالکر سکھالیں۔ جتنے سال کا پورانا بنانا ہو اتنی مرتبہ ڈبا ڈبا کر سکھالیں۔

۴۷۲۔ **پیتل یا تانبے پر لکھنا**

موم نرم کرکے پیتل یا تانبے پر لگادیں اسقدر گہرا کردے تب سرد پانی میں ڈالدیں لکھا ہوا گہرا کھد جاویگا۔

۴۷۳۔ **لوہیکے ہتھیاروں پر نام لکھنا**

نیلا تھوتھا اور کنکر کا تیزاب باہر ملاکر چاقو کے پھل یا کسی دوسرے لوہے کے اوزار پر جو چاہیں سو لکھیں اور تھوڑی دیر دھوپ میں رکھکر سرد پانی سے دھو ڈالیں تحریر کندہ ہوجاوے گی۔

۴۷۴) **مٹن آنبوسی بنانا**

بھی کو مقطر سرکہ میں بھگو کر تین روز بعد اوپر سے صاف پانی الگ کرلو اس میں

اس میں سینگ کا برادہ یا ہاتھی دانت کا برادہ ڈالکر گرم جگہ رکھدیں تھوڑی دیر میں وہ گل کر نرم ہو جاوے گا اوسکو سانچے میں بھر کر جس طرح کے چاہے بٹن بنالے اور سکھا کر سرد پانی میں ڈالکر چند مرتبہ دھو ڈالے سخت بٹن بنجاوینگے

(۴۷۵) کاغذ کے بٹن بنانے

بجی چونہ برابر وزن ملاکر گندک کے محلول تیزاب میں بھگو دیں اور ۲۴ گھنٹہ کے بعد مقطر کرکے اس پانی میں کاغذ بھگو دین وہ گل کر حلوا سا بنجاویگا۔ اوس لگدی کو خوب اچھی طرح گھوٹ ڈالیں پھر سانچوں میں بھر کر بٹن بنالیں۔ اور دھوپ میں سکھا کر اوپر لاکھ کا وارنش کر دیں۔

(۴۷۶) لاکھ کا وارنش بنانا

برانڈی شراب میں لاکھ ڈالکر آگ یا دھوپ میں گلالیں اور اوس میں کاجل ملاکر سیاہ کرلیں۔ برش سے اوسکو لگا دیں۔

۴۷۷۔ قبولی کھچڑی

چنے کی دال پاؤ بھر ایک سیر پانی میں پکاکر آدھ پکی بنالو اور پانی نچوڑ کر الگ کرلو پھر سیر بھر چاول دو سیر پانی میں اوبالو جب دونو بھی آدھ پکے ہو جاویں تب اون کو بھی نچوڑ کر الگ کرلو اب دال اور چاولوں کو ملا کر اچھی طرح گھی میں بھون لو تب ایک سیر دودھ میں آدھ پاؤ سیٹھا دہی ملاکر اور اچھی طرح چھینٹ کر اوس میں ملاکر پکاؤ۔ جب یہ دودھ نصف جلجاوے تب مونہہ پر سرپوش دیکر آٹے سے مونہہ بند کرکے نرم آگ پر دم پخت کرلو اور گھی کا چھونک لگا دو (۴۷۸) من سلوے۔ بعض شوقین چاولوں کے خشکہ کو جب کھٹمٹھ مربہ یا اچارے ملاکر کھاتے ہیں، تو اوسے من سلوے کہتے ہیں۔

(۴۷۹) سکل نگل بنانا

گھی چاول میٹھا اور میدہ سب ہموزن ملاکر بناؤ۔ پہلے چاول اوبال لو میدہ گھی میں بھون لو۔ تب باہم ملاکر شہریت ڈالکر پکالو۔

(۴۸۰) ہر قسم کی دال تلنا

جس دال کو تلنا ہو اوسکو رات کو پانی سے گیلا کر رکھو صبح نمک مرچ لگا کر تیل یا گھی میں تل لو۔

(۴۸۱) کانچ بنانے کا مصالحہ

سمندر کا صاف سفید اور موٹا ریت ۵۰ جز کاربونیٹ آف پوٹاش ۲۰ حصہ اکسائڈ آف لیڈ ۱۰ حصہ شورہ ایک حصہ سب اجزاء کو ملاکر کانچ ڈھالنے والی کوٹھالی میں ڈالکر سخت آنچ میں گلاؤ۔ جو میل اوپر آوے اوس کو الگ کرتے جاؤ تاکہ سفید

بلوری کانچ رہجاوے گا جو سیل اوپر سے نکالکر اکٹھی کیجاتی ہے وہ کچلون کہلاتی ہے - جو کھائنی کے لئے لاثانی دوا ہے -

۴۸۴) چمنیو نکیلئے نیلا سفید کانچ بنانیکا نسخہ

ریت ۵۵ حصہ سوڈا ۳۵ حصہ شورہ ۸۵ حصہ چونہ دو حصہ سب کو ملاکر مٹی یا ہیں بھر دو اور سخت آگ پر گلا کر کانچ بنالو -

۴۸۴) پلیٹ گلاس کا نسخہ باریک سفید بالو ۷۲۰ حصہ عمدہ سوڈا ۴۵۰ حصہ چونہ ۱۰ حصہ شورہ ۲۵۵ حصہ شیشہ کے ٹکڑے ۴۲۵ حصہ سب کو ملاکر حسب ترکیب معلوم کلاکر کانچ بنالو -

مہنی کے تیل سے ڈوتر کرکے بوتل پر جہاں سے وہ تراشتی ہو لیپٹ دو اور آگ لگا دو جب ڈور اچل چکے وہاں پانی کا قطرہ لگا دو فوراً وہیں سے کٹ کر الگ ہو جاوے گی -

۴۸۵) برف کیلئے موزوں گلاس عام گلاسوں میں اگر برف ڈالی جاوے تو وہ فوراً ٹوٹ جاتے ہیں - لیکن کاغذ کی مانند پتلے گلاس اس کام کے لئے از حد موزوں ہیں - وہ نہیں ٹوٹتے -

۴۸۶) کانچ کو زرد رنگنے کا نسخہ سفید ایک سیر ملی پاؤ بھر دونوں ٹوتن کو گلا کر ملالو پھر شورہ کی چٹکی دیکر کشتہ کرلو پھر کشتی دہی کے پانی سے اس کشتہ کو کھرل کرکے سخت آنچ میں رکھدیں - تو زرد رنگ ہو جاوے گا - پھر وہ سرخ اور نرم پتھر جو آگرہ سے آتا ہے دو حصہ اور کشتہ زرد شدہ ایک حصہ ملاکر بھٹی میں گلادیں - جب موم کی طرح نرم ہو جاوے تب سرد کرکے رکھلیں - زرد رنگ بنگیا سیر بھر سفید کانچ گلا کر ۵ تولہ اوسمیں ملادیں تمام زرد ہو جاوے گا -

۴۸۷) سبز رنگ کرنا - تانبے کا برادہ سیر بھر شورہ آدہ پاؤ نمک آدہ پاؤ ہر سہ اشیاء کو سخت ہانڈی میں گلا لیں جب رنگ سنجاو لگا پھر سیر بھر کانچ گلا کر اوس میں ۲ تولہ بھر ڈالدیں -

۴۸۸) سرخ رنگ کرنا - سیر بھر سیسہ گلا کر گندک کا تیزاب تھوڑا تھوڑا ڈالتے جاؤ - پھر شورہ کا تیزاب ڈالو جب نو رنگ سرخ ہو جاوے تب رنگ بنگیا - پس سیر بھر کانچ گلا کر اوس میں آدہ پاؤ رنگ ملادو

۴۸۹) نیلا رنگ کرنا - سیر بھر کانچ گلا کر اس میں تین تولہ کوبالٹ ڈالدو -

۴۹۰) پورانے آئینہ کی جھائیاں دور کرنیکا طریقہ سل پر باریک ریت ڈالکر اور پانی سے گیلا کرکے آئینہ کو اسقدر گھسو کہ جھائیاں

دور ہو جاویں تب اوس کو جلا دیکر پالش کر لو۔

۴۹۱۔ آئینہ پر خود بخود پھول پتیاں بنجاویں

آئینہ کو سل پر بذریعہ ریت گھسکر دھند لا کر لو پھر بقدر سریش باریک کوٹ کر گرم پانی میں ڈالدو جب گھل کر لعابدار ہو جاوے تو آئینہ کو ایک ایسے کمرہ میں لیجاؤ جہاں سو درجہ کی گرمی ہو تب چوڑے برش کے ذریعہ آئینہ پر سریش کا پلستر کر دو جب وہ خشکی کے قریب پہنچے تب دوسرا پلستر کر دو پھر تیسرا۔ اسی طرح یکے بعد دیگرے بہت سے پلستر کر کے ڈالدار پلستر بنا دو پھر اوسے سوکھنے دو سوکھیگا تو چٹخ کر اوسکے چھلکے اوڑ نیگے اور سطح پر خود بخود شکلیں بنتی چلی جاوینگی ایسے موقعہ پر چھلکوں کا آنکھ میں پڑ جانے کا احتمال ہوتا ہے اس لئے کاری گر کو چاہیے کہ عینک لگا رکھے۔

۴۹۲۔ سبز بنانا۔ نرم فلکس ایک حصہ کرد کس مارٹس آدھ حصہ دونوں کو ملا کر چرخ دے لو۔

۴۹۵۔ زرد بنانا۔ کنگس یلو جو ایک قسم کا زرد رنگ ہوتا ہے۔ کو ٹھالی میں ڈالکر گرم کریں اور اس میں سہ چند فلکس ملا کر چرخ دیکر جٹا بالسی کے تیل میں سے سپاک آئل کہتے ہیں۔ بجھا دیں۔

۴۹۶۔ سرخ بنانا۔ وڈ وکا برادہ گندک کے تیزاب میں گلا کر تیزاب دیں کہ وہ سرخ ہو جاوے پھر یہ سرخ کشتہ ایک حصہ نرم فلکس آدھا ئی حصہ سپاک کے تیل سے گھوٹ کر چرخ دیدیں۔

(۴۹۷) نیلا بنانا۔ نیلا کانچ اور برابر کا نرم فلکس ملا کر چرخ دے لینے سے نیلا بنا بنجاتا ہے۔

۴۹۸۔ مہر سلیمانی لگانیکی ترکیب

کیمیا گر دوائیں کانچ کی بوتل میں ڈال کر مونہہ بوتل کا ایسا مضبوط بند کر دیتے ہیں کہ وہ پھر کسیطرح نہیں کھل سکتا اوسکی ترکیب یہ ہے۔ کہ بوتل پر موٹی مٹی کا پلستر لگا دیتے ہیں۔ اور سکھا کر زمین میں گہرا کھود کر بوتل کو ریت کے اندر دبا دیتے ہیں جسپر پلستر نہیں ہوتا۔ پس سوت کا کپڑا روغن تلہ میں تر کر کے گردن کے گرد لپیٹ دیتے ہیں جسکا ڈل وہ دوگل ہو جاتا ہے۔ تب بہت سے کوئلے سلگا کر گرد لگا دیتے ہیں۔ پس کوئلوں کے ڈالدے بوتل کا مونہہ نرم ہو جاتا ہے تب اوسکو چمٹے سے ملا کر دبا دیتے ہیں اور سرد کر لیتے ہیں۔

(۴۹۹) مینا چڑھانیکی ترکیب

دوات کو اچھی طرح مانجھ کر اور ریتی سے رگڑ کر صاف کریں پھر مینا پانی میں رگڑ کر

بڑی ہی بنا کر دھات کی سطح پر لگا کر سخت آگ پر تپالیں۔ وہ فوراً گل کر اوپر روغن کی طرح چڑھ جاویگا۔

(۵۰۰۱) نقلی جواہرات بنانا

اس کام کے لئے ایک دھات بنانی پڑتی ہے جسے سڑاس کہتے ہیں بلور پاکر ٹل میں سفیدہ یا سیسہ ملا کر چند گلانے اور اور سرد پانی میں بجھانے سے یہ دھات بنتی ہے پس جب یہ دھات بنجاوے تو اس میں جس قسم کا رنگ دو گے اوسی قسم کا جواہر بنجاویگا۔ مثلاً سبز رنگ سے زمرد سرخ رنگ سے یاقوت نیلے رنگ سے نیلم زرد رنگ سے پکھراج وغیرہ وغیرہ۔

(۵۰۱) کانچ کے لمپ کیساتھ پیتل

مکول پتھر کو پھونکر چونہ بنالو اوس میں پانی ملا کر فوراً چوڑ دو۔

(۵۰۲) دیگیر، پان میں کھانیوالا چونہ پیسکر باریک کر لو اوس میں قدرے گڑ ملا کر چوڑ دو۔

(۵۰۳) ہنی کی تیل والی بوتل کو صاف کرنا

چونہ اور گرم پانی سے دھو ڈالو۔

(۵۰۴) وارنش والی بوتل کو صاف کرنا

پانی میں بھی اوبال کر اوس میں تھوڑا کاسٹک کا تیزاب ملا کر بوتل کے اندر ڈالدو صاف ہو جاویگی۔

(۵۰۵) آئینہ پر داغ دھبے لگی ہوئی صاف کرنا

اسپرٹ لگا کر کپڑے سے پونچھ ڈالو۔

(۵۰۶) آئینہ کی چکنائی دور کرنا

شورہ کا تیزاب چکنائی پر لگا کر گرم پانی سے دھو ڈالو۔

(۵۰۷) شیشہ کا جسم چمکدار بنانیکا مصالحہ

ہڑتال زرد شراب میں ڈال حل کر لو۔ اس کو آئینہ پر لگاؤ تو جسم نہایت صاف و شفاف نکل آوے گا۔

(۵۰۸) دواتوں کو صاف کرنا

گرم پانی میں چند قطرے تیزاب نمک کے ڈالکر دواتوں کو اوس سے صاف کر لو۔

(۵۰۹) نیٹریٹ آف سلور والی بوتل کو صاف کرنا

سنایا دھتورا کا پانی ڈالدو صاف ہو جاوے گی۔

(۵۱۰) عینک کے آئینہ کو صاف کرنا

چاک لگا کر شمی لیدر سے صاف کر دو پہاڑی بکرے کے باریک چمڑے کو شمی لیدر کہتے ہیں۔

(۵۱۱) کانچ کی نالیاں اور چمنیاں صاف کرنیکا طریق۔ سوہنہ کی جھاب دیکر باریک چاک یا باریک پسی ہوئی کھڑیا اون کے اندر چھرک دو۔ جب سوہنہ جاوے تب سفید اور باریک کپڑے سے

پوٹیخ ڈالو۔

(۵۱۲) عمل مومیٰ نہایت عمدہ

چینی اور کانچ کے رنگ برنگ کے ٹکڑے اپنے پاس جمع کرلو پھر پھولدان یا کسی اور لکڑی یا مٹی کی بنی ہوئی شئے پر لیسدار چونہ کا خمیر بنا کر پلستر کر دو اور اوس پر وہ رنگ برنگ کے ٹکڑے پاس پاس موزوں کرکے لگا دو نہایت خوبصورت معلوم ہونگی

(۵۱۳) سرخ رنگ بنانیکی ترکیب

رتن جوت یا پینگ کی لکڑی کو پانی میں اوبالیں جب رنگ نکل آوے تب لکڑی نکالکر پانی اسقدر پکا دیں کہ وہ گاڑھا ہو جاوے پھر اس میں قدرے پھٹکری ملا کر جانکل سکھالیں اور باریک کرلیں۔

(۵۱۴) نقلی چاندیکا نسخہ

تابا چار حصہ ۲ حصہ جست ۲ حصہ اصل چاندی ۵۰ حصہ سب کو ملا کر گلا کر ایک کر لو۔

(۵۱۵) دودھ تازہ رکھنا

تازہ دودھ بوتلوں میں بھر کر ایک برتن میں رکھو اور تارہ پانی اوس برتن میں ڈالکر اس قدر آنچ کر کہ پانی اوبل جاوے پھر بوتلوں پر ڈاٹ لگا کر دہیں سرد ہونے دو۔ یہ دودھ کبھی ناشک خراب نہیں ہوتا۔

(۵۱۶) گندک صاف کرنا۔ گندک کو آگ پر گلا گلا کر گائے کے تازہ دودھ میں بجھاؤ۔ سات بار کے ایسا کرنے سے وہ صاف ہو جاوے گی۔

(۵۱۷) گندک کا تیل نکالنا

اک بجھ چونا ایک سیر باریک کرکے مٹی کے ایک لگن میں بچھا دیں اور ۵ تولہ گندک پیسکر اوپر رکھدیں پھر سر دپانی تھوڑا اوپر ڈالدیں جب چونہ کھدبدانے لگے تب اور بہت سا پانی ڈالدیں۔ گندک کا تیل پانی کے اوپر ہوگا اوس کو پھوئے سے الگ کرلیں۔

(۵۱۸) مصطگی کا تیل نکالنا جو ہاضمہ کی قوت اور دماغ کی طاقت کیلئے اکسیر ہے

ایک تانبے کا ایسا برتن لیں جس کا پیندا چوڑا اور گردن تنگ ہو اس طرح کا ہو اسکا سرپوش نوکدار کلاہ نما بنوا دیں اس طرح کا پس اس برتن کے پیندے میں مصطگی پیسکر بچھا دیں اور ایک لوہے کی تپائی اوپر رکھکر اوسپر چینی کا پیالہ دھر دیں مونہہ پر سرپوش دیکر مٹی سے مونہہ کو اچھی طرح بند کر دیں ہلکے ۳۔ یہ گھنٹہ تک آگ جلا دیں پھر سرد کرکے مونہہ کھولیں پیالہ کے اندر تیل ملیگا۔ اوس صفائی سے رکھیں اور استعمال میں لاویں۔

(۵۱۹) گٹھیہ اور درد جوڑ نخیلے اکسیر تیل

منڈ اخروٹ اور چنگا ڈر کی پتال خبر سے تیل کر لو اور درد پر مالش کرو اکسیر کا فائدہ دیگا۔

(۵۲۰) شورہ قایم النار بنانا

دھتورہ اور بھنگ دونوں کو ہموزن لیکر کوٹ کر لگدی بنالو اور شورہ پیسکر کڑاہی میں رکھکر آگ پر گرم کرو یہ لگدہ اوپر دیدو جب لگدا جلجاوے شورہ انار لو۔

(۵۲۱) ہیضہ کے لئے اکسیر دوا

سیپ کا چونہ کسی قدر لیکر نوشادر کی ڈلی کے تلے اوپر دیدو ۵ سیر اوپلوں کی آگ میں اس برتن کو سونہہ بند کر کے رکھدو جب آگ سرد ہو جاوے تب برتن نکالکر اندر سے نوشادر نکال لو اوسے ہوا میں رکھدو۔ تیل ہو جاوے گا۔ پس اس تیل کو برابر کے تیزاب خاردتی میں ملاکر ۲۱ دن تک بوتل دھوپ میں رکھو دونوں ایک جان ہو جاوینگے۔ پس کیا ہی سخت ہیضہ کیوں نہ ہو۔ اس کی تین چار بوند پانی میں ڈالکر پلادو فوراً اچھا ہو جاویگا۔

(۵۲۲) پانی کے اوپر آگ دوڑی پھرے

آبنہ کے اوپر پانی سے جو مرضی چاہو۔ لکھو کر لکھا ہوا ایک ہی کاغذ پر کا ہو۔ راستہ میں کہیں ٹوٹے نہیں اور اس قدر پانی سے لکھا ہوا ہو۔ پانی اس جگہ تر نہ کھڑا ہو۔ پس کلورید آف پوٹاش کا ایک چھوٹا سا ٹکڑا پانی کے ایک کنارہ پر چھوڑ دو وہ فوراً جل اوٹھیگا۔ اور شعلہ ایک طرف سے عبارت کے اوپر اوپر دوڑتا ہوا دوسری طرف جا نکلیگا۔

(۵۲۳) مرغ بانگ نہ دے۔ مرغ کے سر کو میٹھے تیل سے بارو غن خشخاش سے چکنا کر دیں وہ آواز ہرگز نہ دے گا۔

(۵۲۴) گدھا آواز نہ دے۔ گدھے کی مقعد میں تیل بہت سا لگا دیں۔ تو وہ ہرگز ہنہنانے کا نہیں۔

(۵۲۵) ایسی کوٹھالی جو آگ کے قایم رہنے سے ہیرے انگوٹھی قایم پروت کو ٹھالیاں بڑی قیمت پاتی ہیں۔ ایک عمدہ ترکیب ایسی کوٹھالی بنانے کی یہ ہے کہ کھڑیا کو خوب باریک کریں پھر اس میں نصف حصہ ریت ملاکر کوٹھالی بنالیں اور خوب اچھی طرح سکھالیں بلکہ آگ کے نزدیک رکھکر پاکل خشک کر لیں۔ تب تھوڑا سہاگا پیسکر اوسکو اندر ڈالدیں اور آگ پر تپکین پھر تاؤ زیادہ کر دیں اور آخر کار اتنا تاؤ دیں کہ سہاگا چرخ کھا جاوے پس وہ کوٹھالی نہایت مضبوط اور پختہ بنجاوے گی۔

(۵۲۶) لال لاکھ کا ایسا گہرا رنگ بنانا

کچی لاکھ جو درخت بیر سے اوترتی ہے کسی قدر لاکر سکھادیں۔ جب سوکھکر سیاہ ہوجاوے۔ تب ایک برتن میں ڈالکر پانی اوپر سے ڈالکر اس قدر پکاویں کہ پانی خون کی مانند سرخ ہوجاوے اس رنگین عرق کو بوتل میں بھرلیں اگر کاغذ پر لکھیں تو لکھا ہوا نہایت پختہ سرخ ہوگا۔ علاوہ ازیں یہ رنگ چمڑا لال رنگنے میں بھی بکثرت استعمال ہوتا ہے۔

۵۲۷، کپڑے دھونے کا صابن

جی ۱۲ حصہ چونہ ڈیڑھ حصہ دونوں کو ملاکر ایک تغار میں ڈالدیں۔ اور جس طرح گارا بناتے ہیں۔ اس طرح کھرپے سے ملادیں۔ پھر ایک بڑے ناندہ میں ڈالکر ۱۰ حصہ زیادہ پانی ڈالدیں ۳ دن بھیگا رہنے دیں۔ اور ہر روز ملادیا کریں تیسرے روز مقطر لیکر الگ رکھیں اسپر نمبر ایک لکھدیں پھر تیز گرم پانی سجی چونہ پر اور ڈالدیں اور تین روز کے بعد پھر مقطر لیں یہ پانی نمبر ۲ ہے۔ پس تیل اور چربی برابر بذریعہ آگ ملادیں اور پانی نمبر ۲ ڈالکر خوب اچھی طرح سے ملادیں اور لگا دیں۔ ۳۶ گھنٹہ کے بعد پھر اسے پکادیں اور نمبر ایک والا پانی ڈالدیں۔ اور اس قدر پکاویں اور گھوٹیں کہ وہ شہد کی مانند گاڑھا ہوجاوے تب سانچوں یا بکسوں میں بھر دیں۔ یا لوٹکروں میں موٹا کپڑا رکھکر اوس میں ڈالدیں کہ پانی نکل جاوے۔

۵۲۸، دیسی صابن کو انگریزی بنالینا

سوڈا کاسٹک کا تیز پانی اگر دیسی سوہیا صابن میں بذریعہ آگ ملادیں۔ تو وہ انگریزی صابن بنجاوے گا۔

۵۲۹، کاربالک سستا صابن بنانا

دیسی سوہیا صابن آگ پر نرم کریں اور کاربالک آئل بقدر ضرورت اس میں ملادیں۔ اور سرد کرکے ٹکیہ کاٹ لیں۔

۵۳۰، خوشبودار انگریزی اعلیٰ صابن

سمولی انگریزی صابن لاکر بذریعہ پانی پھر از سر نو آگ پر گلادیں اور اس میں مشک یا سنگترہ یا بیرگ موٹ یا دارچینی یا الائچی کی انگریزی خوشبوئیں بازار میں بکتی ہیں۔ جنہیں اسنس آف مشک سٹرویلا اسنس آف سنوہن وغیرہ کہتے ہیں۔

۵۳۱، صابن میں رنگ دینا

اگر یوہیں کوئی رنگ پانی میں گھول کر اس میں ملایا جاوے تو سجی کی تیزی سے چند روز میں وہ کٹ کر صابن سفید ضل آتا ہے۔ اسلئے شراب برانڈی یا اسپرٹ آف وائن میں حل کرکے ڈالتے ہیں

بنے بنائے رنگ بھی بازار میں شیشیوں
میں بند بکتے ہیں۔

۵۴۲۱، بندوق کی گولیاں

خالص سکہ کی نہیں ہوتی بلکہ اوس
میں آمیزش ہوتی ہے یعنے ۲ حصہ سیسہ
میں ایک حصہ رانگ ملاکر گولی کی دھات
بناتے ہیں۔ انبو گولیاں سفید تانبی کی
بنانے لگے ہیں۔

۵۴۴) چاندی کا داغ سفید

نمک کو پانی میں حل کر کے اس پانی
میں سے دھو ڈالو۔

۵۴۵۔ دیگر۔ یا سانیاڈ آف پوٹاش کو
پانی میں حل کر کے جہاں چاندی کا داغ لگا
ہو جاوے گا۔

۵۴۶۔ پورانے گلٹ کو نیا کرنا

سرخ انگریزی پھیٹھا کا رنگ اور سال
آف ٹارٹار دونوں ہموزن ملاکر ۴ حصہ
زیادہ پانی میں ڈالکر آگ پر ابالیں اور
تھوڑے زعفران ملاکر چھان کر صاف کریں۔
پورانے گلٹ پر لگادیں رنگ شوخ
ہو جاوے گا۔

۵۴۷) مکھیوں کا ہگا ہوا صاف کرنا

سنہری رنگدار جو کپڑوں پر مکھیاں بگ کر
خراب کر دیتی ہیں۔ وہاں اسپرٹ لگادیں
اور کپڑے سے صاف کریں تو بالکل صاف
ہو جاوے گا۔

۵۴۸) کانہیں گھسی ہوئی کن سلائی کا علاج

سرکہ اور روغن بادام ملاکر اگر کان میں
ڈالدیں تو وہ باہر آجاوے گی۔

۵۴۹) دیگر۔ اگر ۲۔ ایک بوند مٹی کے
تیل کے ڈالیں تو وہ اندر ہی جاویگی۔

۵۵۰) لکڑی پر پتھر کی وارنش

سکھیا یا سنگ جراحت عمدہ باریک
پیسکر لکڑی پر لگادیں۔ اور اوپر وارنش
پھر دیں۔

۵۵۱) اطریفل کشمیری کا نسخہ

ہڑ سیاہ و زرد بھیڑا آملہ دھنیا خشک
کر لیں پھر ایک سیر کھانڈ کی چاشنی بنا کر
اوس میں ڈالدیں طریفل عمدہ بنجاویگا۔

۵۵۲) گڑ بنانا

گنوں کی رس کو بڑے کڑاہے میں
ڈالکر آگ پر پکاؤ۔ اور دریا کا جالا اوس
میں ڈالکر میل کو نکھارو جو میل اوپر آوے
اوسے کنگرے سے اتار کر پھینکتے جاؤ۔
جب رس صاف ہو جاوے تب اوسے
پکا کر گاڑھا کرلو اور مٹی کے ٹغاریں جسے
گنڈ کہتے ہیں ڈالدو۔ جب سخت ہو جاوے
تب لوڑ یا لکیا بنالو۔ جتنا رس زیادہ

جے بنائے رنگ بھی بازار میں شیشیوں
میں بند بکنے ہیں۔

۵۴۲۱، بندوق کی گولیاں

خالص سکہ کی نہیں ہوتی بلکہ اوس
میں آمیزش ہوتی ہے یعنے ۲ حصہ سیسہ
میں ایک حصہ رانگ ملاکر گولی کی دھات
بناتے ہیں۔ انہو گولیاں سفید تانبی کی
بنانے لگے ہیں۔

۵۴۴) چاندی کا داغ سفید

نمک کو پانی میں حل کر کے اس پانی
میں سے دھو ڈالو۔

۵۴۵۔ دیگر۔ یا سانیا ڈآف پوٹاش کو
پانی میں حل کر کے جہاں چاندی کا داغ لگا
ہو وہاں لگاؤ۔ چاندی کا داغ بالکل دور
ہو جاوے گا۔

۵۴۶۔ پورانے گلٹ کو نیا کرنا

سرخ انگریزی پھیٹھا کا رنگ اور سات
آف ٹارٹار دونوں ہموزن ملاکر ہم حصہ
زیادہ پانی میں ڈالکر آگ پر ابالیں اور
تھوڑے زعفران ملاکر چھان کر صاف کر لیں
پورانے گلٹ پر لگا دیں رنگ شوخ
ہو جاوے گا۔

۵۴۷) مکھیوں کا ہگا ہوا صاف کرنا

سنہری رنگدار چوکھٹوں پر مکھیاں بگ کر
خراب کر دیتی ہیں۔ وہاں اسپرٹ لگا دیں
اور کپڑے سے صاف کریں تو بالکل صاف
ہو جاوے گا۔

۵۴۸) کانہیں گھسی ہوئی کن سلائی کا علاج

سرکہ اور روغن بادام ملاکر اگر کان میں
ڈالدیں تو وہ باہر آجاوے گی۔

۵۴۹) دیگر۔ اگر ۲۔ ایک بوند مٹی کے
تیل کے ڈالیں تو وہ اندر ہی جاوے گی۔

۵۵۰) لکڑی پر پتھر کی وارنش

سکھڑی یا سنگ جراحت عمدہ باریک
پیسکر لکڑی پر لگا دیں۔ اور اوپر وارنش
پھیر دیں۔

۵۵۱) اطریفل کشمیری کا نسخہ

ہڑ سیاہ و زرد بھیڑا آملہ دھنیا خشک
ہر ایک چار تولہ سب کوٹ کر گھی میں چرب
کر لیں پھر ایک سیر کھانڈ کی چاشنی بنا کر
اوس میں ڈالدیں طریفل عمدہ بنجاویگا۔

۵۵۲) گڑ بنانا

گنوں کی رس کو بڑے کڑاہے میں
ڈالکر آگ پر پکاؤ۔ اور دریا کا جالا اوس
میں ڈالکر میل کو نکھارو جو میل اوپر آوے
اوسے کنگیر سے اتار کر پھینکتے جاؤ۔
جب رس صاف ہو جاوے تب اوسے
پکا کر گاڑھا کر لو اور سٹی کے تغاروں جسے
گنڈ کہتے ہیں ڈالدو۔ جب سخت ہو جاوے
تب لڈو یا ٹکیا بنالو۔ جتنا رس زیادہ

(۵۵۸) ردپہری پوڑیہ۔ تلسی کے پتوں میں پارہ ڈالکر آگ پر حل کریں۔ تو سفید پوڑیہ بنجاوے گی۔

(۵۵۹) چھاپہ گرد لکار انگ بنانا

اس رانگ کو جب گرم پانی میں ڈالکر آگ پر رکھتے ہیں۔ تو وہ حل ہو جاتا ہے۔ اوسکے بنانے کی ترکیب یہ ہے کہ سریش کو پکاکر لعابدار بنالیں اور رانگ کے ورق کو اس میں لپیٹ کر ہتھوڑی سے کوٹنا شروع کریں۔ ہر طرف سے کوٹیں تو وہ کٹ کر حل ہو جاوے گی۔

(۵۶۰) دیگر۔ اگر اوس کو جلد تیار کرنا ہو تو اوس کو گلا کر تھوڑا پارہ ملاکر خستہ کرو۔ پھر لعاب خریش ڈالکر کوٹ کر تیار کرلو۔

(۵۶۱) سنہری رانگ بنانا۔ اگر مذکورہ بالا رانگ میں ہڑتال زرد کوٹ کر ملا دیں تو وہ سنہری ہو جاوے گا۔

(۵۶۲) البی لاکھ تیار کرنا جو خراد پر لگانے سے چمکیلی ہو

زیرکھ کو کوٹ کر باریک کرلو پھر چپڑا لاکھ گلا کر اوس میں ملاکر خوب اچھی طرح کوٹ کر ایک ذات کرلو۔

(۵۶۳) سوتیوں کی جلا صاف کرنی

سفید پھٹکری اور گرم آب نارسٹار ہاشہ ملاکر گرم پانی میں حل کریں اور اوس میں تیونی کی ڈالکر گیہوں کے بھوسے سے ملکر صاف کریں اور اندھیرے میں رکھکر سکھالیں۔

(۵۶۴) تین پرسنہری وارنش ولایتی

اسپرٹ آف وائن میں سفید لاکھ اور مصطگی ڈالکر دھوپ میں رکھکر حل کرلیں پھر تھوڑا عصارہ ریوند ڈالدیں جب سنہری ہو جاوے تو اوسے تین لگادیں۔ ولایتی بنی ہوئی تین کی ڈبیہ جنپر سنہری رنگ کیا ہوا ہوتا ہے اسی ترکیب سے رنگی جاتی ہیں۔

(۵۶۵) مکانکی بدبو دور کرنیکی ترکیب

بڑے بڑے کوئلے اگر چھینکے میں لٹکاکر مکان میں باندھ دیں۔ تو بدبو دور ہو جاویگی کیونکہ کوئلے بدبو کو جذب کرلینگے۔

(۵۶۶) موری کی بدبو دور کرنی

کاربالک پودر۔ بلیچنگ پودر چونہ اور کسیس ملاکر راکھ وغیرہ ڈالنے بدبو دور ہو جاتی ہے۔

(۵۶۷) لال بنانے کی ترکیب

سٹراس $\frac{1}{144}$ حصہ کلورائیڈ آف منگنیز $\frac{1}{144}$ حصہ ملاکر کوٹھالی میں سخت تیز بھٹی میں تاؤ دیں کہ مل کر ایک جان ہو جاویں۔

(۵۶۸) پچھراج بنانیکی ترکیب

سٹراس ۵۰ اگرین زرد رنگ کا مینا ۲ گرین دونوں ملاکر چھڑک دے لو

۵، نیلم بنانیکی ترکیب سٹراس ۶۰۸ کو بالٹ ۶۵ گرین دونوں کو ملاکر چرخ دیں۔

۵، بدنظمی ایام کی دوا کاغذی لیمو نکا عرق ۵ تولہ۔ مصری بقدر ذائقہ ملاکر پیئیں چند عرصہ کے استعمال سے آرام ہو جاویگا۔

۵، کالی عورت کا رنگ گورا کرنا

بہت لوگوں نے اس قسم کے اشتہارے رکھے ہیں۔ مگر یہ قانون قدرت کے خلاف بات ہے۔ کالا جسم کبھی گورا نہیں ہو سکتا ہاں یہ ہو سکتا ہے کہ جسم میل سے صاف اور ملایم ہو جاوے۔ اوسکی ترکیب یہ ہے۔ کہ دودھ کو آگ پر گرم کریں اور ندرے کھٹائی اوس میں ڈالدیں۔ جب وہ پھٹ جاوے تب کپڑے میں چھان لیں اور جو مادا اس طرح حاصل ہو اوس میں قدرے ہلدی اور ہوکا آٹا اور روغن گلاب ملاکر چند روز ملنے سے جلد صاف اور ملایم ہو جاتی ہے۔

۵، اٹھارہ سالہ عمر بنانیکا نسخہ

یہی ایک ایسا نسخہ ہے کہ اگر اسے احتیاط سے بنالیں تو کافی ہے جسمی کل بیماریوں کو دور کرتا ہے۔ ایک تولہ چاندی کا پترہ روپیہ سو دو چند چورا بناکر بذریعہ کھٹائی اوس پر ایکپاؤ پارہ چڑھا دیں۔ اور تینوں قسم کی اجوائن دیسی خراسانی اور ولایتی) چھ وزن ملاکر کوٹ کر سفوف کرلیں۔ اور اس چاندی کے تلے اوپر ۷ تولہ دیکر دو برتنے اوپلوں میں رکھکر آگ دیدیں اسیطرح ہر دفعہ ایک ماشہ پارہ ملایا کریں اور اسیطرح دواؤں میں رکھکر آگ دیدیا کریں ۴۰۔ آگ میں چاندی ۲ وزن ہو جاوے گی یعنی اپنے وزن سے دوگنی ہو جاوے کی کیونکہ اوس میں پارہ بھی ملجاوے گا۔ یہ کشتہ ہر روز ایک رتی کھانے سے جسمی کل امراض کو فائدہ بخشتا ہے اگر اس کشتہ کو جوان مرغ کو ہر روز ایک چاول بھر کھلا دیں اور ۱۲ روز کے بعد اوسے ذبح کرکے خود کھا دیں تو ۱۸ سالہ عمر ہو جاوے گی۔

۵، کشتہ قلعی عمدہ

جامن کی چھال کوٹ کر باریک کرلیں اور بچھا کر اوپر قلعی کے جوے کاٹ کر چن دیں۔ پھر اوپر بھی چھال دیکر دو تین اوپلوں میں آگ دیدیں آگ سرد ہو تو نکال لیں۔ قلعی کا کشتہ اندر سے نکال لیں۔ اگر کچھ روڑی بھی رہ جاویں تو اونکو الگ کرلیں کشتہ ایک رتی ہر روز کھاویں از حد طاقت ہو۔

۵، سونیکا کشتہ سونیکا برادہ چولائی خاردار کے آدھ پاؤ لگدی میں رکھکر ۵ سیر آگ دیں۔ اسیطرح ۷ بار کریں جب سونا کشتہ ہو جاوے تب اوسے کھرل کرکے

رکھیں۔ آدھ رتی ہر روز کھادیں۔ غذا مرغن کھادیں تو از حد طاقت ہو۔ خفقان اور دلکی تمام بیماریاں دور ہوں۔

(۵۷۵) کشتہ مس۔ ملتانی رائی گھوٹ کر پانی ملاکر لگدہ بنالیں اور تانبے کا برادہ اس میں ملاکر اوپر کڑا لیپیٹ کر تیز آگ میں رکھ دیں۔ جب جلجاوے تب سرد کرکے پھونک سے راکھ اوڑادے تانبے کی سفید راکھ جو وزن دار ہوگی تلے رہجاوے گی اور رائی کی راکھ اوڑجاوے گی۔

(۵۷۶) فولاد کا کشتہ۔ فولاد کا برادہ گھیکوار کے لعاب سے کھرل کرکے ٹکیہ بناکر دو سیر کی آگ میں رکھ سے پھر نکالکر دوبارہ کھرل کرکے اسی طرح آگ دے۔ دو دفعہ میں عمدہ کشتہ ہوجاوے گا۔

(۵۷۷) جست کا پہلا بنانیکی ترکیب

شورہ پیکر پاس رکھ لے اور جست کو گرمجھو میں ڈالکر آگ پر گلادے۔ شورہ کی چٹیاں دیکر ملاتا جاوے تو تھوڑے عرصہ میں جست کا پہلا بنجاوے گا۔ جو آنکھوں میں ڈالنے کے کام آتا ہے۔

(۵۷۸) ناگ کس۔ سیسہ کو آگ پر گلاکر چندبار پیچے تیل میں بجھاکر جہاں کرے گلاکر کاہو اور نمک کی ڈلیاں دے وہ راکھ ہوجاوے گا اسکو گھنٹے دہی سے کھرل کرکے ٹکیہ بناکر کوئیلونکی تیز آگ میں رکھدے سرخ ہو جاویگا۔ اوسکے کھانیسے سوزاک دور ہوتا ہے اور جریان کو بہت فائدہ بخشتا ہے۔

(۵۷۹) خلاف موسم پھول پیدا کرنا

مختلف پھولوں کے غنچوں کو مع ۴ انچہ قلمی شاخ کی قینچی سے کاٹ کر ڈنڈیوں کے سروں پر موم پر لگاکر بردں کاغذ میں جو چکنا ہو لپیٹ کر محفوظ بند کر رکھیے۔ جب بے موسم پھول دکھلانے ہوں تو پانی میں نمک ملاکر قدرے گرم کرو۔ اور اس میں ڈنڈیاں موم اوتار کر بھگو دو پھول کھل آوینگے۔ پھر وہاں سے نکالکر حسب معمول گلدستوں کی طرح رکھ چھوڑو۔

(۵۸۰) چھلا ناچے۔ ایک کھوکھلا چھلا بنواؤ۔ اوس میں ایک سوراخ رکھو۔ سوراخ کے راہ اس میں پارہ بھردو۔ مونہہ کھڑیا مٹی سے بند کردو چھلے کو گرم برتن میں ڈالدو وہ تڑپنا پھرے گا۔

(۵۸۱) کپڑا جلتا نظر آوے مگر جلے سرد ہوجاوے تو وہ ثابت ہو اسپرٹ

آف وائن یا میتھی لٹڈ اسپرٹ میں رومال تر کرکے اور آگ لگادو۔

(۵۸۲) کوئلہ سے کپڑا نہ جلے

نوشادر نمک پیتکری اور چونہ چاروں کو سمان وزن ملاکر گھیکوار کے لعاب سے کھرل

کر کے کپڑے پر پتلا پتلا پلستر کر دو سکھا کر اوس میں کو تیلے باندھ لو۔

(۵۸۳) کاجل کی چکنائی دور کرنا

کوزے بہ تن میں کاجل پھیلا کر آگ پر رکھدو چکنائی دور ہو جاوے گی۔

(۵۸۴) دیگر۔ بلیٹنگ پیپر کے اندر کاجل پھیلا کر پھر پریس میں دیدو بھاری پتھر کے نیچے دبا دو۔

(۵۸۵) دوربین کے شیشے بنانا

نہایت صاف کانچ کا ٹکڑا گول کاٹ کر اوسکے کنارے گھسکر تبلا کر دو۔ وہ تمشی ہو جاوے گا۔ اُس کو عمدہ جلا دیدو اور لمبی نالی میں لگا دو دوربین ہو جاویگا۔

(۵۸۶) سیاہی مٹانیکا رببڑ بنانا

جب گل جاوے تو گول یا چورس ٹکیہ بنالو۔

(۵۸۷) پھول چھڑی۔ شورہ ۶ حصہ گندک ایک حصہ آک کی جڑ کا کوئلہ حصہ سب کو الگ الگ پیسکر ملا دیں پھر اس میں لوہے کا باریک برادہ ۲ حصہ شامل کریں۔

(۵۸۸) سفید ماہتابی) شورہ ۶ تولہ گندک ۵ تولہ ہر مسالہ ۲ تولہ سب کو پیسکر ماہتاب بھر لو۔

(۵۸۹۱) سرخ ماہتابی) اسٹرونجیا پوٹاش ایک تولہ گندک ۲ تولہ سرد ۷ ماشہ کوئلہ ۵ ماشہ سب کو الگ الگ پیسکر ملا دیں۔

(۵۹۰) چھوٹا انار۔ شورہ ۳ حصہ گندک ۵ حصہ لوہے چون ۷ ماشہ کوئلہ ۱۱ ماشہ سکو لو

(۵۹۱) پٹاخونجی بارود۔ شورہ ۱۶ تولہ گندک سوا دو تولہ کوئلہ ۳ حصہ سکو ملا کر شراب یا سرکہ سے نمناک کر کے بانو کی چھلنی سے دبا کر نکالیں تاکہ دانے بنکر گرین اونھیں سکھالیں۔

(۵۹۲) نیلا رنگ مہتاب۔ نیٹریٹ آف پیرسٹس ۴ حصہ گندک ۸ حصہ کاجل ۴ حصہ نیٹریٹ آف پوٹاش ۳ حصہ سب کو نم دیکر الگ پیسکر ملا دیں پھر سکھالیں۔

(۵۹۳) نیلا رنگ شورہ بارہ حصہ گندک ۳ حصہ سلفر آف امینی ۴ حصہ۔

(۵۹۴) چھچھوندر کا وزن شورہ ایک سیر گندک پاؤ بھر کوئلہ آدہ سیر سکو جدا جدا پیسکر ملالیں۔ وزن کو تیز کر دیں۔ اور شورہ زیادہ کر دیں تو روشنی بنجاوے گی۔

(۵۹۶۱) سیاہ بنانا۔ عمدہ قلمی کی بارود سفید خواہ رنگدار اگر شراب میں کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں اور سکھالیں تو یہ سارے جنگلے اون کی بھر تنکا اور چلانیکا طریقہ یہ ہے۔ کہ لوہے کا نلکا جسکا مونہ کھلا اور پیندا بند ہو زمین میں گاڑ دو اور اسکے اندر تھوڑا سا پٹاخونکا بارود ڈالکر چند سیاہ رنگ کی گولیاں بھی ڈالدو۔ پلیتہ جو ہی مہتابی کے ذریعہ آگ دو گے وہ آسمان کی

طرف چڑھ جاویگے

(۵۹۷) کاغذی غبارہ۔ بانس کی پتلی سیخ کا گول گھیرا بناؤ۔ اور اس قسم کے دو گھیرے بنا کر چند جگہ سے جوڑ کر چوڑا گھیرا بنالو اور اوسکو کاغذ سے منڑھ لو پھر باریک کاغذ کا گھنڈ نما غلاف بنا کر اوسی سے جوڑ کر گھیرے پر جوڑ دو گھیرے کے اندر لوہے کی تار لگا دو۔ اور اوسکے ساتھ چند پورانے چیتھڑے تیل اور رال سے تر کر کے باندھ دو اور اوسکو آگ لگا دو۔ اوپر کی نوک سے غبارہ کو پکڑ چھوڑ دو جب ہوا اوسکے اندر بھر کر وہ پھول جاوے تب چھوڑ دو آسمان میں اوڑ جاویگا۔

(۵۹۸) کیسا ہی گشتہ ہو فوراً گلجا سے پکی ہنڈیا میں تھوڑا سا خربزہ کا چھلکا یا گوند ڈالدو

(۵۹۹) مربیار چینی۔ آب کا فارہ گودا اڑائی سیر تیز سرکہ سیر کشمش ۲ پاؤ۔ کھانڈ اڑائی سیر نمک ڈیڑھ پاؤ۔ مرچ سرخ حسب ضرورت سبکو ملا کر گھوٹ ڈالو۔

(۶۰۰) معجون فلاسفہ کا نسخہ۔ بوسہ ثلغل درآ فلفل سیاہ۔ دارچینی۔ آملہ بھیڑہ۔ زرآوند۔ مصطگی حضیۃ الثعلب۔ مقر چلغوزہ بیج بابونہ نارجیل تازہ ہر یک ۵ تولہ۔ تخم بابونہ ۱۰ درم ہویز سقی ۳۰ درم شہد خالص سب چند سبکو ملا کر معجون بنالیں۔ اور ۴۰ روز کے بعد استعمال کریں۔ قوت باہ اور اعضاء رئیسہ کو طاقت بخشتا ہے۔ باہ بڑھاتا ہے نتائج نیان تمام سرد امراض کو مفید ہے۔

(۶۰۱) کشتہ برگ۔ ابرک کو باریک کر کے برابر قلمی شورہ کے سفوف میں ملا کر اچھی طرح رگڑیں اور ایک برتن میں موہنہ بند کر کے ۵ سیر آگ دیں کشتہ ہو جاویگا۔ پھر اوسمیں سے شورہ نکالدیں۔ جسکی ترکیب یہ ہے کہ پانی ڈالکر خوب کھرل کریں اور نتھار کر پانی نکالدیں۔ اسطرح چند بار کرنے سے شورہ نکلجاویگا۔

(۶۰۲) کشتہ مونگا۔ گلاب کے پتے ۳ تولہ گھیکوار ۵ تولہ دونوں کا گدہ بنا کر ایک تولہ مونگا درمیان دیکر دو سیر آگ دیں سفید ہو کر نکلیگا۔

(۶۰۳) کشتہ ہڑتال سفید نیم کے پتے ۵ تولہ لگدہ بنا کر اوس میں ایک تولہ ہڑتال سفید کی ڈلی رکھکر کوئلوں میں رکھ کر پھونک لے بخار دینکے لئے ازحد مفید چیز ہے۔

(۶۰۵) کشتہ سم الفار۔ سجی سفید پسیکر باریک کرلو اور ایک تولہ سم الفار کے تلے اوپر۔ یکپر حکیا میں بند کر کے ۲ سیر آگ دو اسی طرح اگر سوا پاؤ پھر اوسکے درمیان سم الفار بند کر کے آگ دیکے تب بھی کشتہ ہو جاوے گا۔

(۶۰۶) گلابکا ان اسٹ عطر۔ ایک پاؤ بھری پیالہ میں گلاب کا نیم شگفت پھول توڑ جب وہ پھول تیرنے لگیں تب ایک ایک کو نکال دیکتا ہوا اون پر رکھدو آنچ کی تیزی سے ایک ایک بوند ہر ایک پھول سے پانی میں گرے گی۔ اوسکو روئی کے پھوا سے نکالو

کپڑوں پر لگا لو کپڑے دھل دھل کر جبتک پھٹ نہ جاوینگے خوشبو نہیں جاوے گی۔

(۶۰۷) **معمولی بسکٹ کا نسخہ** - چھ انڈے لیکر انکی سفیدی اور زردی کو پھینٹیں۔ اور ایک چمچہ عرق گلاب اور ایک چمچہ شراب انگوری اور باریک پسی ہوئی چینی۔ ایک پونڈ میدہ ایک پونڈ مکھن ملا کر خمیر کریں۔ اور سانچوں میں بھر کر تندور میں پکا دیں۔ اگر زیادہ عمدہ کرنا ہو تو سانچوں میں بھرنیکے بعد انڈوں کی سفیدی پھینٹکر اوپر لگا دیں اور دانہ دار چینی اوپر چھڑکیں پھر تندور میں پکا دیں۔

(۶۰۸) **فرنچ بسکٹ** - ۱۲ انڈوں کے وزن کے برابر میدہ اور اسی قدر چینی۔ پس ۱۲ انڈوں کو توڑ کر سفیدی کو پھینٹیں۔ پھر لیموں کا باریک تراشا تھوڑا تھوڑا ملاتے جاویں۔ اور خمیر کرتے جاویں۔ اور سب سے اخیر انڈوں کی زردی ملا کر میدہ سے خوب ملا دیں۔ پھر شکل بنا کر اوپر چینی چھڑکیں اور پکا لیں۔

(۶۰۹) **لذیذ بسکٹ** - میٹھے سنگترہ کو چھوڑ کر عرق نکالیں پھر اوس میں سیب کلمی یہ ملا کر اچھی طرح خمیر کریں۔ پھر اونکے چھلنی میں چھان کر انڈوں کی سفیدی پھینٹ کر ملا دیں اور بسکٹ بنا کر اوپر دانہ دار چینی لگا دیں۔ اور کھلے سانچے میں کھکر نرم آگ پر پکا لیں۔

(۶۱۰) **سنگترہ کا بسکٹ** عمدہ نارنگ سنگترہ لیکر اوسکو پانی میں اوبالیں اور نچوڑیں جب تین چار بار اوبالنے سے چھلکا کی تلخی نکل جاوے تب اوسکو تراش کر اندر کی مغز اور عرق نکال لیں، اور چھلکا کو ہاون دستہ میں اچھی طرح کوٹ کر برابر کی پسی اور چھنی ہوئی مصری ملا دیں۔ اور قدرے میدہ ملا کر جس طرح کا بسکٹ چاہیں۔ بنا کر سانچوں میں بھر کر پکا لیں سفر شکار اور سیر کے لئے عمدہ ہیں۔ پیٹ کی درد کے لئے بھی مفید ہیں۔

(۶۱۱) **بادام کا کیک** - ایک پونڈ بادام شیریں لیکر اونکے مغز نکال کر دو۔ پھر اس میں ایک انڈہ کی سفیدی قدرے عرق گلاب ملا کر خوب رگڑیں تب اوس میں نصف پونڈ سفیدی آٹا ہے سنگترہ کا عرق اور سنگترہ کا چھلکا۔ باریک پسا ہوا ملا کر خمیر کریں۔ تب خواہ ایک خواہ بہت سے کیک بنا کر پکا لیں۔

(۶۱۲) **چکوترہ امیر پنیر کا کیک** ۴۔ انڈوں کی زردی پھینٹیں اور اوس میں ½ حصہ کی گرم گرم بالائی ملا دیں پھر اوس کو اسقدر پکا دیں کہ سب گھی یا سا بنجاوے پھر کسیقدر مغز بادام کو کوٹ کر عرق سنگترہ میں گوندھ کر خمیر کریں۔ اور اوس کھویا میں شامل کریں اوس میں چند بسکٹ باریک کر کے ملا کر قدرے چکوترہ کا باریک چھلکا تراش ملا دیں اور

جس انداز کا پسند ہو بسکٹ بنالیں۔

(۶۱۳) **ڈبل روٹی** ۔ میدہ ایک بوری نمک ۴ پونڈ خمیر ۱۴ پینٹ یعنی دو سیر پانی یقدر ضرورت پہلے نمک کو پانی میں حل کریں۔ پھر تمام خمیر اور تھوڑا میدہ ملا کر گرم پانی سے گوندھ کر گرم جگہ رکھدیں جب پھول جاوے تب اوس میں باقی کا میدہ تھوڑا تھوڑا ملا کر خوب اچھی طرح پھینٹیں۔ جب کلہم اپنی طرح خمیر ہو جاوے تب اوسکی روٹیاں بنا کر سانچوں میں بھر کر پکاویں۔

(۶۱۴) **سونے اور چاندی کے لیس صاف کرنا** جو کی موٹی روٹی پکاویں۔ اور گرم گرم موٹا گودا نکالکر ملیدہ بنالیں اور لیس اور لیس پر ملیں بعض اوس میں ہلدی اور نمک ملا کر روٹی پکاتے ہیں۔ اور پھر لیس صاف کرتے ہیں۔ جس سے لیس اور بھی عمدہ چمکیلی ہو جاتی ہے۔

(۶۱۵) **آگ اور پانی کا مقابلہ کرنیوالا سیمنٹ** دودھ کو آگ پر گرم کریں اور اوس میں سرکہ ملا دیں جب پھٹ جاوے تب پانی سے مایا کو الگ کریں اور اچھی طرح نچوڑ لیں۔ اور پھر چند انڈوں کی سفیدی اور بقدر ضرورت چونہ ملا کر خوب اچھی طرح سیمنٹ لیں تب ٹوٹے ہوئے برتن کو اس سے جوڑیں یہ گرم پانی اور آگ پر بالکل خراب نہیں ہوتا یہ سب سے پختہ سیمنٹ ہے۔

(۶۱۶) **پیتل کو لوہے کی مانند چمکیلا کرلینا** پیسکری سفید ایک حصہ پانی ۱۶ حصہ۔ دونوں کو آگ پر گرم کریں اوپر پیتل کی شے کو اوس میں ڈالکر پکاویں جب پانی گہرا سیاہی مائل ہو جاوے تب شے نکالکر اسفنج سے صاف کریں پھر پالش کر صاف کریں۔

(۶۱۷) **پیتل پر سنہری ملمع گندک کے تیزاب** میں چند چینکیان شورہ کی ڈالدو۔ جب ہوا اٹھنے لگے۔ تب پیتل کی صاف شدہ شے کو اوس میں غوطہ دو اور باہر نکالکر صاف پانی میں پھرا کر نکڑکے گرم برادہ میں دبا دو۔

(۶۱۸) **بوٹ کو صاف اور سنہرا رکھنا** ۔ بوٹ میں اسقدر سیاہی مت لگاؤ کہ چمڑا گیلا ہو جاوے بلکہ تھوڑی سیاہی یکبارگی اچھی طرح برش کر دو اور پالش کرنے سے پہلے سیاہی کو خشک مت ہونے دو۔

(۶۱۹) **ریشم اون اور روئی کے کپڑوں سے داغ چکنائی دور کرنیکا ایک عام مصالحہ**

اسپرٹ آف وائن ۵ اونس فرنچ چاک ایک اونس پاسپ بنانیوالی سفید مٹی ۵ ۔ اونس سب کو ملا کر خمیر کر کے انگلی کے برابر موٹی بتیاں بنالو اور سکھالو جہاں داغ لگا ہو اسکو چاہے سوکھا لو چاہے گیلا۔ داغ دور ہو جاوے گا۔

(۶۲۰) **انڈے سیاہی کے داغ دور کرنے** انڈوں کی سفیدی اور گندک کے تیزاب کے چند قطرے ملا کر خوب پھینٹو وہ صابن کی طرح ہو جاویگے۔ تب اون کو داغ پر لگاؤ۔ اور ملکر پانی سے دھو ڈالو۔

(۶۲۱) ریشم کی داغ دور کرنے۔ ڈاک کی راکھ گرم پانی میں گھولدیں جب وہ حل ہوکر نتھ نشین ہوجاوے اور پھر اوسکا مقطر لیکر دھونے کے کام میں لاویں۔

(۶۲۲) لوہے کی داغ دور کرنا۔ انکا دور کرنا ذرا مشکل ہے۔ لیمو نکا تیز ست داغ پر لگادیں۔ اور کھوتے ہوئے پانی سے دھوکر صاف کریں۔

(۶۲۳) دیگر۔ گھیکوار کا گودا اب لگاویں جب سوکھ جاوے تب ریحوں اور صابن سے دھو ڈالیں۔

۶۲۴۔ پھلونکے داغ دور ہوجاویں گندک اور ہڑتال ہموزن پیسکر ملادیں کپڑا پانی میں بھگو کر تان کر پھیلادیں تلے اوس سفوف سے دھونے دیں۔

۶۲۵ ریشم کے یا دوسرے رنگین کپڑوں کو کبھی کبھی کنگھی کر چھوڑا کرو اور ہوا دار جگہ میں سکھایا کرو۔

۶۲۶۔ پانی فلٹر کرنیکا برتن بہت سستا بنالینا

ایک گملا لیکر اوسکے اندر پیندے سے چند انچ اوپر سوراخ کرکے اوسپر ایک لوہے کی جالی کا پیندا رکھو۔ اوپر پیندے کو یلے کی تہہ کر رکھو اوپر دریا کا بالو ریتی ریت ڈالدو۔ اوپر پانی بھر دو وہ فلٹر ہوکر گملے کے نچلے سوراخ کے راستے سے کسی برتن میں جمع ہوتا رہیگا۔

۶۲۷۔ ایک عجیب موسمی آلہ پوست کے ٹوٹے کی پیشینے کی تا نیاں بارش کی خبر دینے کے لئے بہت عجیب چیز ہے۔ اگر ہوا میں نمی ہو تو اوسکو بل بہت جلد پیچ دار ہوجاتا ہے

(۶۲۸) ایک اور آلہ بنالینا۔ جس مکان کا دروازہ شمال کیطرف ہو اوس میں ایک سفید بوتل میں پانی ۳ حصہ تک بھر کر اوس میں ایک جونک ڈالدیں یہ جانور موسمی پیشینگوئی کرتے ہیں عجیب ہے اگر دن صاف رہیگا تو یہ آرام سے بیٹھا رہیگا اگر طوفان آنیوالا ہوگا تو یہ بیقرار رہے گا۔

۶۲۹، بازاری سرخ پھول جو کانوں میں ڈالنے کے ولایت سے آتے ہیں یہ کس طرح بنائے جاتے ہیں پہلی تحے چانے بیکار جاتے ہیں۔ اگر اونکو صاف کرکے رنگیں تو یہ وہی پھول ہیں۔

(۶۳۰) اون کے رنگنے اور صاف کرنیکا ایک عام نسخہ

پانی سے صاف کریں پھر کھٹائی میں غوطہ دیکر جس رنگ میں چاہیں رنگیں۔

(۶۳۱) لیس کو اور ایسے کپڑے کو صاف کرنا جسپر سونے کا کام بنا ہو

اسپرٹ آف وائین اس کام کے لئے از حد مفید ہے۔ لیکن اسکے لگانے میں احتیاط چاہئے۔ کیونکہ چاندی کا جسم اوسکے لگنے سے خراب ہوجاتا ہے پس برش سے پتلا پتلا اسے لگاکر اسباب کو کپڑے سے صاف کردیں۔

(۶۳۲) بوٹ کیلئے ربڑ کا واٹر پروف بنانا

سپرمیٹی ۱ حصہ ربر ۱ حصہ سپرمیٹی کو آگ پر گلادیں۔ پھر ربڑ تھوڑا تھوڑا کرکے ڈالدیں

جب یہ دونوں گلجاویں تب سفید چربی بھیڑ کی ۱۰ حصہ اور کوپل وارنش ۵ حصہ ملادیں اور اچھی طرح مخلوط کرکے استعمال میں لاویں۔

(۶۴۳۱) فرنچ سیلنگ ویکس یعنی ملک فرامن کی حلزنی لاکھ۔ چپڑا دو پونڈ رال زرد ایک پونڈ۔ سندرس یا بروزہ پکایا ہوا پونڈ ملک چین کا سرخ رنگ۔ پونڈ کل اشیاء کو گلاکر رنگ ملاکر بتیاں بنالو۔

(۶۴۳۲) طریق دیگر۔ سندرس ایک سیر رال ایک سیر رنگ بقدر ضرورت ملاکر بنالو۔

۶۴۳۳) سیاہ وزنمدار لاکھ۔ گلاکر اس میں لوہے چون اور گھنگرو دں کا برادہ ملاکر سرد کرلو۔

۶۴۳۴۔ زیور کے نگینے رنگدار بنانیکا مصالحہ لیکا ہوا بروزہ آگ پر گلاکر اوس میں جس قسم کا رنگ چاہو ملادو سرد کرکے لمبی لمبی بتیاں بنالو۔

۶۴۳۵۔ نگینوں کو رنگنے کا طریقہ آگ پر شیشہ اگرم کرو اوس پر نگینہ رکھدو۔ جب وہ گرم ہوجاوے تب بتی آگمس دو

